# مجتہد سے پوچھے گئے سوالات

## حصہ دوم

شعبۂ مطبوعات
قرآن و عترت اکیڈمی
کراچی - پاکستان
E-mail : info@qoitrat.org
Website : www.qoitrat.org

# مجتہد سے پوچھے گئے سوالات

# حصہ دوم

جوابات از:

مکتبہ حضرت آیۃ اللہ العظمیٰ

## الحاج آقائے سید علی الحسینی السیستانی

متع اللہ المسلمین بطول بقائہ

قم المقدسہ

بحوالہ:

www.rafed.net

پیشکش:


شعبۂ مطبوعات

## قرآن و عترت اکیڈمی

کراچی پاکستان

کتاب : مجتہد سے پوچھے گئے سوالات۔ حصہ دوم

جوابات از : مکتبہ حضرت آیت اللہ العظمیٰ السیتانی مدظلہ

بحوالہ:www.rafed.net

مترجم : مولانا قمر علی لیلانی صاحب

تصیح : حجۃ السلام مولانا غلام رضا روحانی صاحب

طبع : اوّل محرم ۱۴۲۴ھ ، دوم رمضان المبارک ۱۴۲۵ھ

پرنٹر : **PRN dot com**

**Mobile : 0300-9244802**
**E-mail : prndotcom@hotmail.com**

تعداد : ۱۰۰۰


توجہ:

مومنین کی جانب سے کسی بھی قسم کی تجویز ، مشورے
یا تصیح کا شکریہ کے ساتھ استقبال کیا جائے گا۔


ملنے کا پتہ:

قرآن وعترت اکیڈمی

۱/۳۶۵ پارَ اسٹریٹ، گارڈن ایسٹ

کراچی ۷۴۸۰۰۔ پاکستان

فون : 7226948 - 7237207

*E-mail : info@qoitrat.org*

*Website : www.qoitrat.org*

# فہرستِ مضامین

## پیش لفظ

## تقلید


کیا جاہل کو تقلید کا مسئلہ بتانا واجب ہے ۲۱

یہ کیسے پتہ چلے کہ کون اہل خبرہ میں سے ہے ۲۱

فوت شدہ مجتہد کی تقلید ۲۱

مرحوم کو اعلم مانتے ہوئے زندہ مجتہد کے مسائل پر غلطی سے عمل کرلیا ۲۱

مرحوم مجتہد کے مسائل پر عمل کرنے والا مالی واجبات کسے دے ۲۲

تقلید کی حدود کہاں تک ہیں ۲۲

کیا ولایت فقیہ کا مسئلہ بھی تقلید میں شامل ہے ۲۲

اگر اپنے مجتہد کا مسئلہ معلوم نہ ہو ۲۲

اگر احتیاط واجب پر عمل نہ کرے ۲۳

غیر اعلم کے آسان مسئلے پر عمل کرنے کی اجازت ۲۳

کیا مجتہد کو اس کے وکیل کے بارے میں اطلاعات فراہم کرنا ضروری ہے ۲۳


## طہارت

### وضو


وضو میں وسوسہ کا معیار ۲۴

اگر اعضائے وضو پہلے سے گیلے ہوں ۲۰
تحقیق کے باوجود رکاوٹ باقی رہ گئی ۲۴
وضو میں پانی بہانا یا ہاتھ پھیرنا ۲۵
ایک بار کہنی کی اوپری سمت اور پھر اندورونی سمت سے ہاتھ پھیرنا ۲۵
وضو میں پانی اگر نیچے سے اوپر چلا جائے ۲۵
پہلی بار مکمل دھونے کے اطمینان کے بغیر دوسری بار ہاتھ دھونا ۲۵
وضو کے بعد مسح سے پہلے نلکا بند کرنا ۲۵
غلطی سے اعضائے وضو کو تین بار دھولیا ۲۶
موالات کا کیا مطلب ہے ۲۶
وضو کے بعد مسح کرنے میں دیر ۲۶
وضو کے بعد ہاتھ پر صابن نظر آنا ۲۷
دوران نماز شک کہ وضو کیا یا نہیں ۲۷


## غسل


غسل کے دوران اگر نیت سے غافل تھا ۲۷
کیا hair colour رکاوٹ ہے ۲۷
جس پانی سے غسل کیا گیا ہے اس کا حکم ۲۸
کون سے مستحب غسل کے بعد وضو ضروری نہیں ۲۸


## تیمم


سنگ مرمر پر تیمّم ۲۸
ریت پر تیمّم ۲۸
وضو یا غسل میں جان بوجھ کر تاخیر ۲۹
پیشانی پر تیمّم کا طریقہ ۲۹

## رفع حاجت کے احکام


گھر میں قبلہ رخ ٹوائلٹ ۲۹
اگر پیشاب سے نجس شدہ ہاتھ کو ایک بار دھوتا تھا ۳۰
پتھر سے مقام پیشاب کا استنجاء ۳۰
پیشاب سے اٹھنے والی بھاپ ۳۰


## کھانے پینے کے احکام


اہل کتاب نے اگر جانور ذبح کیا ہو ۳۱
شک ہے کہ مسلمان قصاب نے شرائط کا خیال رکھا ہوگا یا نہیں ۳۱
مچھلی پر اگر صرف ایک دو چھلکے ہوں ۳۱
مچھلی اگر جال ہی میں مرجائے ۳۱
زرافہ اور کینگرو کا گوشت ۳۱


## متفرقات


قربانی کے جانور کا پیشاب اور خون ۳۲
یقین اور اطمینان میں فرق ۳۲
مصنوعی دانت اگر منہ میں نجس ہوجائیں ۳۲
مسوڑھوں سے نکلنے والے خون کو نگلنا ۳۲
زخم کو دھونے کے بعد بچنے والا پانی ۳۲
کیا واشنگ مشین میں کپڑے پاک ہوسکتے ہیں ۳۳
زمین کو پاک کرنے کے لئے کیا پائپ سے پانی ڈالنا کافی ہے ۳۳
قالین پاک ہونے سے کیا زمین پاک ہوجائے گی ۳۳
اگر نجس العین کا کوئی حصہ مسلمان کے بدن میں لگا دیا جائے ۳۳
کیا میت کو مس کرنے سے ہاتھ بھی نجس ہوگا ۳۴

انسولین اگر سؤر کے بدن سے لی گئی ہو ۳۴
کون سا الکحل پاک ہے ۳۴
اسپرٹ کا حکم ۳۴
اگر کام کاج کی جگہ نجس ہو تو کیا کرے ۳۴

## نماز

### نافلہ نمازیں

نماز کے وقت سے پہلے نافلہ کی ادائیگی ۳۶
ظہرین کی نافلہ اگر ظہرین کے بعد پڑھی جائے ۳۶
دن کے وقت نماز وحشت ۳۶

### قرائت کے احکام

بسم اللہ پڑھتے وقت سورہ معین کرنا ۳۷
قرائت کے صحیح ہونے کا معیار ۳۷
نماز آہستہ پڑھنے کا مطلب ۳۷
تین بار سے زیادہ تسبیحات اربعہ پڑھنا ۳۷

### سجدہ

بیٹھنے کی حالت میں شک ہو کہ رکوع مکمل ہوا یا سجدہ ۳۸
سجدے سے سر اٹھا کر شک ہو کہ ایک سجدہ ہوا یا دو ۳۸
قرآن کے واجب سجدے کیا بچوں پر بھی واجب ہیں ۳۸
قرآن کے واجب سجدے کی ادائیگی میں تاخیر ۳۸

### قصر نماز

کثیر السفر کون ہوتا ہے ۳۹

نیا علاقہ وطن کب بنتا ہے ۳۹
یونیورسٹی مسافت شرعیہ کے بعد ہے۔ نماز کا کیا ہوگا ۴۰
سفر میں مسافت کی تحقیق کے بغیر قصر اور تمام دونوں پڑھ لینا ۴۰
قصر کی قضا قصر ہوگی یا پوری ۴۱


## نماز جماعت


اگر پیش امام کو اپنے بارے میں یقین ہے کہ وہ عادل نہیں ہے ۴۱
اگر پیش امام کو اپنے بارے میں شک ہے کہ وہ عادل ہے یا نہیں ۴۱
کیا پیش امام فرادیٰ کی نیت سے نماز پڑھ سکتے ہیں ۴۱
پیش امام کے لئے دو یا تین مرتبہ نمازِ عید پڑھانا ۴۲
اگر ماموم صرف ایک ہو تو کہاں کھڑا رہے ۴۲
اگر ماموم قنوت کے دوران نماز میں شامل ہو ۴۲
ظہر وعصر کی پہلی دو رکعتوں میں ماموم کیا کرے ۴۲
پیش نماز کی آخری رکعت کے تشہد میں کیا کریں ۴۳
پیش نماز کی تشہد والی رکعت اور ہماری بغیر تشہد والی ۴۳
دوران جماعت بلا وجہ فرادیٰ کی نیت کرنا ۴۳
جماعت کے دوران قرائت صحیح ہونے میں شک ۴۴
شوہر کے پیچھے بیوی کی نماز جماعت ۴۴


## متفرقات


ایام عزا میں نماز کے دوران کالے کپڑے پہنا ۴۴
سپیکر پر دی جانے والی آذان کو روکنا ۴۴
تحقیق کے بعد بھی اگر نماز قبلہ رخ نہیں ہو سکی ۴۴
قنوت میں خود سے دعا بنا کر پڑھنا ۴۵

ادا نماز سے قضا کی طرف نیت پھیرنا ۴۵
قضا نماز سے ادا کی طرف نیت پھیرنا ۴۵
تشہد میں اشھد انّ علیاً ولیّ اللّٰہ پڑھنا ۴۵
نماز کو مستحب سلام پر ختم کر دیتا تھا ۴۵
نماز روزے کو کبھی سنجیدگی سے نہیں لیا ۴۶
نماز اس لئے قضا کرنا کہ جمعہ کے دن اس کی قضا کرے گا ۴۶
ظہر کی قضا نماز رات کے وقت بلند آواز سے یا آہستہ آواز سے ۴۶
قضا نمازیں موجودہ مجتہد کے مطابق یا مرحوم کے مطابق ۴۷
شیعہ بیٹے کے لئے غیر شیعہ والدین کی قضا نماز کا حکم ۴۷

## روزہ

روزے میں بلغم کو نگلنا ۴۸
روزے میں دھویں اور غبار کا حکم ۴۸
ضرر کے گمان کے باوجود روزہ رکھنا ۴۸

### فطرہ

چاندرات کے مہمان کا فطرہ ۴۸
اگر مہمان اپنا فطرہ خود نکال دے ۴۹

## خمس

قرضے پر لئے گئے مال پر خمس ۵۰
کیا ٹیکسی پر خمس ہوگا ۵۰
باپ کی طرف سے دیئے گئے مال پر خمس ۵۰
دیت پر خمس ۵۱

سردیوں کے لباس پر خمس ۵۱
جانوروں سے حاصل ہونے والے منافع پر خمس ۵۱
اپنی روزمرہ کی چیز اگر مہنگے داموں بیچ دے تو اضافی مقدار پر خمس ۵۱
کپڑا خریدا لیکن پہننے سے پہلے ایک سال گزر گیا ۵۱
مشغلے کے طور پر جمع کیے گئے پرانے سکوں پر خمس ۵۲
مشغلے میں جمع کی گئی stamps پر خمس ۵۲
دوسری بیوی کے لئے خریدے گئے مکان پر خمس ۵۲
کیا غریب انسان پر بھی خمس واجب ہے ۵۳
حکومتی ادارے کی تنخواہ پر خمس ۵۳
مرحوم نے خمس نہیں نکالا، وراثت پر خمس ۵۳
خمس ادا کرنے کے لئے قرض لینا ۵۴
اگر ایک ساتھ خمس نہ نکال سکتا ہو ۵۴
شادی کے اخراجات اگر کوئی اور دے رہا ہو تو خمس کون دے گا ۵۴
مُخَمَّس پر خمس نہیں کا کیا مطلب ہے ۵۵
خمس ۲۰ فیصد یا ۲۵ فیصد ۵۵
کبھی حساب ہی نہیں کیا کہ کتنا مال ہے ۵۵
گھر کے مشترک اموال پر خمس کون نکالے ۵۶


## سہم سادات کے احکام


کیا کوئی ادارہ سہم سادات خرچ کر سکتا ہے ۵۶
کیا سید کو بتانا ضروری ہے کہ یہ سہم سادات ہے ۵۷
سید کو سہم سادات تحفے کے طور پر دینا ۵۷
سہم سادات سے کوئی چیز خرید کر سید کو دینا ۵۸

سہم سادات سے کپڑے خرید کر دینا ۵۸

## متفرقات

خمس کی رسید کون دے گا ۵۸
مالی واجبات کو طالب علم سے پہلے غیر طالب علم پر خرچ کرنا ۵۸
مسجد بنانے کے لئے خمس کا استعمال ۵۹

# حج / عمرہ

طواف النساء کئے بغیر اگلا عمرہ مفردہ ۶۰
نیابت کی جگہ غلطی سے اپنی نیت سے بکرا ذبح کر دیا ۶۰

# میت کے احکام

ورثہ تقسیم ہونے سے پہلے خیرات ۶۱
فوت ہونے پر مدت دار قرضے کا حکم ۶۱

# نکاح

## غیر شیعہ مسلمان سے شادی

غیر شیعہ سے محبت کی شادی ۶۲
شیعہ لڑکی کی غیر مومن سے شادی، باپ کی اجازت کے بغیر ۶۳

## حجاب / لباس / زینت

مرد و عورت کا ایک دوسرے کپڑے پہننا ۶۳
کیا خواتین پینٹ پہن سکتی ہیں ۶۳
coloured eye lenses کا استعمال ۶۳

تنگ کوٹ یا عبا کا استعمال ۶۴
نامحرم کے سامنے رنگین کپڑے پہننا ۶۴
نامحرم بے پردہ خواتین کو دیکھنا ۶۴
لڑکی کے لئے نامحرم کے سامنے تلاوت، قصیدہ یا نعت پڑھنا ۶۵

## میاں بیوی کے حقوق

شوہر اگر بیوی کو رشتہ داروں کے ہاں نہ جانے دے ۶۵
بیوی کو دیا گیا تحفہ واپس لینا ۶۵

## طلاق

اگر شوہر طلاق نہ دے رہا ہو تو کیا حاکمِ شرع طلاق دے سکتا ہے ۶۶
طلاق کے بعد بیوی کی تصویر پر نظر ڈالنا ۶۶
سسر کے پلاٹ پر مکان بنایا اور پھر بیوی کو طلاق دے دی ۶۶

## متفرقات

قریبی رشتہ دار سے شادی ۶۷
mixed gathering کب حرام ہوتی ہے ۶۷
مردوں یا عورتوں کا رقص ۶۷
کافر خواتین سے ہاتھ ملانا ۶۷
اجنبی خاتون کے ساتھ مذاق ۶۸
گود لئے ہوئے بچے کو محرم بنانے کا طریقہ ۶۸
خواتین کے لئے مردوں کے کھیلوں کے مقابلے دیکھنا ۶۸

# کاروبار

## خرید و فروخت


اگر پتہ ہو کہ گھر میں ٹیلیویژن حرام کام میں بھی استعمال ہوگا ۶۹
کسی حیوان یا سؤر کا تیل ملا ہوا کھانا فروخت کرنا ۶۹
سؤر کا گوشت فروخت کرنا ۷۰
اپنی بیچی جانے والی چیز کے نقص بیان کرنا ۷۰
ملازم سے جاندار اور غیر جاندار کی تصویریں بنوانا ۷۰
گاہک کی خاطر ملازم سے شراب منگوانا ۷۰


## بینک/سود


کسی شرط کے بغیر اگر کوئی منافع دے ۷۱
service charges کے نام پر سود ۷۱
fix deposite scheme کا منافع ۷۱
bank کے شیئرز کا لین دین اور منافع ۷۲
سودی قرضہ دلوانے میں مدد کرنا ۷۲


# نابالغ بچے کا مال


بچے بڑے ہوگئے، لباس کا کیا کیا جائے ۷۳
کیا ماں، اپنے بچے کے مال سے قرضہ لے سکتی ہے ۷۳


# وقف


وقف شدہ کتاب میں اگر غلطی نظر آئے ۷۴
وقف شدہ کتاب اگر ضائع ہو رہی ہو ۷۴

امام بارگاہ کے پرانے فانوس بیچ کر نئے لگانا ۷۴

## دیت کے احکام

کھلاڑی کی غلطی سے چوٹ لگ گئی، کیا دیت ہوگی ۷۵
اگر کھلاڑی کسی کو کھیل کے دوران زخمی کردے ۷۵
تربیت کی غرض سے شاگردوں کی پٹائی ۷۵

## متفرق فقہی احکام

جاہلِ قاصر اور مقصر کے درمیان فرق ۷۶
بالغ اور رشید میں فرق ۷۶
صدقہ جاریہ یا ہدیہ ۷۶
خانہ کعبہ کے پردے سے تبرکاً کچھ حصہ کاٹ لینا ۷۷
سید کو غیر واجب صدقہ دینا ۷۷
ادھار کی چیز ٹوٹ گئی تو کیا نئی دینی پڑے گی ۷۷
رات میں کھڑے ہو کر پانی پینا ۷۷
بالغ یا نابالغ طالبِ علم سے اسکول کی اجازت کے بغیر تحفہ وصول کرنا ۷۸
ٹائی پہننے کا حکم ۷۸
ماں کپڑے بدلواتے وقت اگر بچے کی شرم گاہ پر نگاہ ڈالے ۷۸
ٹریفک قوانین کی مخالفت ۷۸
ذہنی معذور پر عبادتی ذمہ داریاں ۷۹
دعاؤں میں الفاظ کو بڑھانا یا تبدیل کرنا ۷۹
مسجد میں کھانا کھانا یا سونا ۷۹
کچھ عرصے تک فرائض شرعیہ کو انجام نہیں دیا ۸۰

گذشتہ ایام کے واجبات کی ادائیگی یا صحیح ادائیگی میں شک ہے ۸۰
ہدایت کی غرض سے بے نمازی سے دوستی ۸۰
لڑکا خود مختار کب ہوتا ہے ۸۱
شطرنج کو پیسہ لگائے بغیر کھیلنا ۸۱
ماں، باپ یا بچوں کو بوسہ دینا ۸۱
ایسے رشتہ دار کے ہاں جانا جہاں گانے بجتے ہیں ۸۱
قرآن مجید کی حفظ کی ہوئی آیات کو بھول جانا ۸۱
حرام کے بارے میں سوچنا ۸۲
استمناء کا کفارہ ۸۲
کیا آڈیو اور ویڈیو دعویٰ ثابت کرنے کے لئے ثبوت بن سکتے ہیں ۸۲
آنکھ عطیے میں دینے کی وصیت ۸۲
کیا چار دیواری بنانے سے زمین کا مالک بن جائے گا ۸۲
قبر سے اگر ہڈی نکلے تو کیا میت کو دفنانا جائز ہے ۸۳
آدھا پھل کھانا اور آدھا چھوڑ دینا ۸۳


# اخلاقیات

## حقوق مومن


کسی مومن میں موجود ظاہری عیب کا تذکرہ کرنا ۸۴
مومن کے ایسے عیب کا تذکرہ جو سننے والا پہلے سے جانتا ہے ۸۴
ظالم مومن کے لئے بددعا ۸۴
بچے اور دیوانے کی غیبت ۸۴
مقرر کے لئے مجلس میں کیا چیزیں پڑھنا سب سے بہترین ہے ۸۵

کسی دوسرے کا راز تیسرے شخص کو بتانا ۸۵

## سلام اور جوابِ سلام

کہلوائے گئے سلام کا جواب دینا ۸۵
سلام پہنچانا اور اس کا جواب دینا ۸۵
نہیں معلوم آنے والے نے مجھے سلام کیا یا نہیں ۸۶
سلام کے جواب میں کم الفاظ کا استعمال ۸۶

## موسیقی

غناء کی تعریف ۸۶
کیا ڈراموں کی background music سننا جائز ہے ۸۶
ستار سننا ۸۷
موسیقی سیکھنا سکھانا ۸۷

## متفرقات

تقویٰ سے کیا مراد ہے ۸۷
فاسق و فاجر کون ہوتا ہے ۸۷
باہر کی فلمیں دیکھنا ۸۸
کیا گناہ کا اعتراف کرنا بھی گناہ ہے ۸۸
کیا ذاکرین زیادہ رقم لے سکتے ہیں ۸۸
ماہِ رجب کی دعا کا آخری حصہ بغیر داڑھی والا کیسے پڑھے ۸۸

# عقائد

بظاہر خدا پر اعتراض، حقیقت میں کچھ نہیں ۸۹
دعاؤں میں خداوند متعال کے لئے ضمیر غائب ۸۹

| | |
|---|---|
| ظہور کب ہوگا۔ظہور سے پہلے ہماری کیا ذمہ داری ہے | ۸۹ |
| امام زمانہؑ کا اصلی نام لینا | ۹۰ |
| امام زمانہؑ کا لقب استعمال کرتے وقت سر پر ہاتھ رکھنا | ۹۰ |

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# پیش لفظ

بدلتے ہوئے حالات کے پیشِ نظر لوگوں کے دین فہمی کے طریقہ بھی بدلتے جارہے ہیں۔ جدید ذرائع ابلاغ نے پوری دنیا کے لوگوں کو ایک دوسرے سے انتہائی قریب کردیا ہے۔ لہٰذا متدیّن افراد بھی ان ذرائع سے استفادہ کرتے ہوئے اپنی علمی و دینی تشنگی انٹرنیٹ اور دیگر اسلامی سافٹویئرز سے پوری کررہے ہیں لیکن اپنی روزمرہ شرعی ذمہ داریوں سے عہدہ براں ہونے کے لئے انسان کے ذہن میں ہزاروں سوالات پیدا ہوتے ہیں اور معتبر ذرائع سے ان کا جواب حاصل کرنا آج بھی اردوداں حضرات کے لئے آسان نہیں ہے۔ ساتھ ہی ساتھ کتابی شکل میں مطالعہ کا الگ ہی لطف ہوتا ہے۔

ادارہ ہذا کے اساتذہ وطلبہ کی یہ تیسری پیشکش تھی اوراس کے بعد مزید دو کتابچہ شائع ہو چکے ہیں۔چاروں کتابوں کو آپ قرآن وعترت اکیڈمی کی ویب سائٹ پر بھی دیکھ سکتے ہیں جس کا پتہ کتاب کے سرِ ورق پر موجود ہے۔ حصہ چہارم بھی انشاء اللہ ا۔۔۔۔۔عنقریب سائٹ میں شامل کر لی جائے گی۔ مجھے انٹرنیٹ استعمال کرنے والوں کی خواہش کا احساس ہے کہ ان کے سوالوں کے جوابات دیئے جائیں لیکن علمی مرکز میں ہوتے ہوئے قحط الرجال کے مسئلہ سے دوچار ہوں۔اس کے باوجود میری حتی المقدور کوشش ہے کہ ویب سائٹ کے ناظرین کو فوری جوابات دینے کی کوشش کروں۔

مزید توفیقات کے لئے پروردگار عالم کے لطف وکرم کا طالب ہوں۔

علی رضا مہدوی

مسئول قرآن وعترت اکیڈمی

کراچی پاکستان

۱۰، رمضان المبارک ۱۴۲۵ھ

# تقلید

سوال ۱: کیا جاہل کو یہ بتانا واجب ہے کہ احکام شریعت میں تقلید کرنا لازم ہوا کرتی ہے؟
جواب: جی ہاں، جاہل کی رہنمائی کرنا واجب ہے اس لئے بتانا واجب ہوگا۔

سوال ۲: ایک عام مکلّف کے لئے یہ جاننا کیسے ممکن ہے کہ جو شخص کسی مجتہد کے اعلم ہونے کی گواہی دے رہا ہے وہ اہل خبرہ میں سے ہے؟
جواب: یہ اس طرح ممکن ہے کہ وہ ایسے اہل علم حضرات کی طرف رجوع کرے جن کی دینداری اور ایسے مسئلوں میں ان کی معرفت کے متعلق اسے بھروسہ واعتماد ہو۔

سوال ۳: کیا فوت شدہ مجتہد کی تقلید جائز ہے؟
جواب: تقلید کی ابتداء فوت شدہ مجتہد سے کرنا جائز نہیں۔

سوال ۴: ایک شخص آقائے سیستانی مدظلہ کی تقلید میں آیا لیکن اسے معلوم نہیں تھا کہ ان کے فتوے کے مطابق اگر مرحوم مجتہد کو اعلم سمجھتا ہو تو ان کے فتاوی کے مطابق عمل کرنا ضروری ہے۔ وہ آقائے سیستانی کے مسائل پر ہی عمل کرتا رہا اور اب اسے یہ مسئلہ معلوم ہوا ہے تو کیا اس کے لئے جائز ہے کہ مرحوم مجتہد کے مسائل پر عمل کرے؟

جواب: اگر شرعی طریقے سے میت کا اعلم ہونا ثابت ہو جائے چاہے اس اعتبار سے کہ زندہ مجتہد کا مرحوم کے مقابلے میں اعلم ہونا ثابت نہ ہو سکے تو مرحوم مجتہد کے فتاوی کے مطابق عمل کرنا ضروری ہے۔

سوال ۵: اگر کوئی شخص زندہ مجتہد کی اجازت سے ایسے مجتہد کی تقلید پر باقی ہو جس کا انتقال ہو چکا ہو تو اس صورت میں وہ حقوقِ شرعیہ کسے دے گا؟

جواب: احتیاطِ واجب یہ ہے کہ حقوقِ شرعیہ زندہ مجتہدِ اعلم کو دیے جائیں۔

سوال ۶: کیا تقلید صرف خمس و زکاۃ اور نماز وغیرہ جیسی چیزوں میں ہوتی ہے یا زندگی کے تمام شعبے تقلید میں شامل ہوتے ہیں؟

جواب: فقیہ زندگی کے تمام مسائل کے بارے میں فتوی دیتا ہے اور تقلید کرنے والے پر لازم ہے کہ وہ ان تمام احکام میں اپنے مجتہد کی تقلید کرے۔

سوال ۷: کیا تقلید میں ولایت فقیہ کا مسئلہ بھی شامل ہے۔ اس سلسلے میں آیت اللہ سیستانی مدظلہ العالی کی کیا رائے ہے؟

جواب: جی ہاں، یہ بھی ایک فقہی مسئلہ ہے اور اس میں بھی مقلد اپنے مجتہد کی جانب ہی رجوع کرے گا۔ آیت اللہ سیستانی کے نظریے کے مطابق ایک جامع الشرائط مجتہد ان تمام امور میں ولایت رکھتا ہے جن پر انسانوں کا اجتماعی نظام قائم ہے۔

سوال ۸: اگر مقلد کو کسی مسئلے میں اپنے مجتہد کی رائے معلوم نہ ہو تو کیا اسے حق حاصل ہے کہ وہ دوسرے مجتہد کے فتویٰ پر عمل کر لے؟

جواب: اگر کسی مسئلے میں اس کے لئے اعلم کے فتویٰ تک رسائی ممکن نہ ہو تو اعلم فالاعلم کا خیال کرتے ہوئے دوسرے مجتہد کی طرف رجوع کر سکتا ہے۔ یہ بھی ممکن ہے کہ اس مسئلے میں اپنی شرعی ذمہ داری احتیاط پر عمل کر کے پوری کی جائے۔

سوال۹: آیا احتیاطات وجوبیہ میں احتیاط پر عمل کو ترک کرنا جائز ہے؟

جواب: اس شرط پر جائز ہے کہ اس کا عمل فالاعلم کی رائے کے مطابق ہو۔

سوال۱۰: آیا آپ کے مقلدین کے لئے بعض فتاویٰ میں مسئلے کی نرمی یا مقلّد کے اعتبار سے آسانی کی وجہ سے دوسرے مجتہدین کی طرف رجوع کرنا جائز ہے؟

جواب: اعلم کی تقلید اس کے تمام فتاویٰ میں واجب ہے اور اس کے علاوہ دوسروں کے فتاویٰ پر عمل کافی نہیں ہے، البتہ احتیاط واجب میں اعلم فالاعلم کا خیال رکھتے ہوئے رجوع کرنا جائز ہے۔

سوال۱۱: اگر آپ (مراد سوال پوچھنے والا ہے) آیت اللہ کے وکیل کے متعلق کچھ جانتے ہوں تو آیت اللہ کو اس بارے میں بتانا ضروری ہے یا خاموش رہنا چاہیے؟

جواب: ہاں، بتانا ضروری ہے اور اسے مسلمانوں کے قائد تک صحیح بات پہنچانے کے زمرے میں گنا جائے گا۔

# طہارت

## وضو

سوال۱۲: وضو میں وسوسہ کو پہچاننے کا کیا ضابطہ وطریقہ کار ہے اور اس وسوسہ کا کیا حکم ہے؟

جواب: جب کوئی عام طور پر پیش آنے والے شکوک سے بڑھ کر شک کرنے لگے تو وہ وسواسی ہوا کرتا ہے اور اس صورت میں فقط اعضائے وضو پر پانی ڈال کر اس مقام پر متعارف مقدار میں ہاتھ پھیر لینا کافی ہے چاہے اسے تمام حصّوں تک پانی پہنچنے کا یقین بھی حاصل نہ ہو رہا ہو۔

سوال۱۳: اگر چہرے یا ہاتھ پر تری لگی ہو تو آیا وضو سے پہلے انہیں خشک کرنا ضروری ہے؟

جواب: واجب نہیں ہے۔

سوال۱۴: اگر وضو سے پہلے رکاوٹ کی جستجو کرے اور پھر وضو کر کے نماز پڑھنے کے بعد رکاوٹ نظر آئے تو آیا نماز دوبارہ پڑھنا ضروری ہے؟

جواب: اگر جانتا ہو کہ یہ رکاوٹ وضو سے پہلے تھی تو وضو کر کے دوبارہ نماز پڑھنا ضروری ہے۔

سوال ۱۵: کیا وضو میں ہاتھ کو دھوتے وقت پانی بہانے کے بعد اسے باریک بینی کے ساتھ ہاتھ سے تمام اطراف تک پہنچانا واجب ہے؟

جواب: ہاتھ سے تمام اطراف تک پانی پہنچانا واجب نہیں بلکہ واجب یہ ہے کہ پانی تمام اطراف تک پہنچ جائے چاہے اس حصّے پر بہانے ہی کے ذریعے کیوں نہ ہو۔

سوال ۱۶: کیا وضو میں ہاتھ کو دھوتے وقت پانی کو کہنی کے اوپر سے ڈالتے ہوئے ہاتھ کے ذریعے انگلیوں کے سروں تک پہنچانا اور پھر دوسری مرتبہ کہنی کے نیچے سے اور اسی طرح مزید نیچے سے انگلیوں تک ہاتھ پھیرنے کے عمل کو دہرانا صحیح ہے؟

جواب: یہ سب جائز ہے لیکن اہم بات اس تمام عمل کے دوران یہ ہے کہ دھوتے وقت ہمیشہ اوپر سے نیچے کی طرف دھویا جائے۔

سوال ۱۷: کیا اعضاءِ وضو پر موجود پانی کے نیچے سے اوپر کی طرف جانے سے وضو متاثر ہوتا ہے؟

جواب: اس سے وضو پر کوئی فرق نہیں پڑتا۔

سوال ۱۸: سیدھے ہاتھ کو دورانِ وضو دوسری دفعہ دھونا مستحب ہے تو کیا پہلی دفعہ دھوئے جانے کے بارے میں اطمینان نہ ہونے کی صورت میں بھی دوسری دفعہ دھونا کافی ہوگا؟

جواب: کافی ہوگا۔

سوال ۱۹: وضو کے دوران جب بائیں ہاتھ پر پانی ڈالنے کے بعد نلکے کو بند کیا جاتا ہے تو

فطری طور پر وہ تری جو نلکے پر موجود تھی ہاتھ کی تری سے مل کر مخلوط ہو جاتی ہے تو کیا اس سے مسح کرنے میں کوئی ضرر ہو گا؟

جواب: اگر یہ کام بائیں ہاتھ کو مکمل طور پر دھونے سے پہلے کیا تو کوئی اشکال نہیں اور اگر بائیں ہاتھ کے دھونے کے بعد کیا ہو لیکن نلکے سے ہاتھ پر منتقل ہونے والی تری نہایت ہی کم یعنی ایک یا دو قطرے ہو جو ہاتھ کی تری کے ساتھ مل کر ختم ہو جاتی ہو تو بھی کوئی حرج نہیں۔

سوال۲۰: اگر کوئی شخص لاعلمی کی وجہ سے اعضاء وضو کو تین بار دھوتا رہا ہو تو اس کے سابقہ اعمال کے بارے میں کیا حکم ہے؟

جواب: اگر اس کے پاس اپنی لاعلمی کا قابل قبول عذر ہو تو اس کے سابقہ اعمال صحیح مانے جائیں گے۔

سوال۲۱: وضو میں آپ نے موالات کی شرط میں بیان کیا کہ عام حالات میں اتنا کافی ہے کہ بعد کے اعضاء کو دھونے یا مسح کرنے سے پہلے پچھلے اعضاء خشک نہ ہو جائیں تو کیا اس صورت میں موالات ختم ہونا کہلائے گا کہ جب چہرہ خشک ہو چکا ہو لیکن اگر ہاتھ کو داڑھی پر پھیرا جائے تو وہ تر ہو جائے؟

جواب: اس سے موالات ختم نہیں ہوں گے اور اس کا وضو بھی صحیح ہو گا۔

سوال۲۲: کیا وضو کے بعد مسح کرنے میں اتنی تاخیر کرنا جائز ہے کہ انسان مثلاً دوسری منزل تک پہنچ جائے؟

جواب: اگر اتنی تاخیر موالات پر اثر انداز نہ ہو اور عرفی اعتبار سے وضو کے افعال پے در پے انجام پائے ہوں تو کوئی حرج نہیں۔

سوال۲۳: کبھی کبھار وضو کے بعد ہاتھ پر صابن یا دوسرے باریک ذرات نظر آتے ہیں تو کیا یہ وضو صحیح مانا جائے گا؟

جواب: اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا اور وضو بھی صحیح ہے۔

سوال۲۴: اگر نماز کے دوران شک ہو کہ وضو کیا ہے یا نہیں تو کیا کرے؟

جواب: احتیاطِ واجب یہ ہے کہ وضو کے بعد نماز دوبارہ پڑھے۔

# غسل

سوال۲۵: اگر کوئی شخص غسل کی نیت سے حمام میں داخل ہوا لیکن غسل کے دوران نیت سے غافل ہو گیا تو ایسے شخص کے بارے میں کیا حکم ہے؟

جواب: اگر اس کا غسل پہلی نیت کے ساتھ اس طرح تھا کہ اگر اس سے پوچھا جائے کہ کیا کر رہے ہو تو وہ کہے غسل کر رہا ہوں، تو اس کا غسل صحیح ہے۔ ہاں، اگر مکمل طور پر اس طرح بھول جائے کہ اگر اس سے پوچھا جائے کیا کر رہے ہو اور وہ جواب دینے میں اس اعتبار سے پریشان ہو جائے کہ اس کے ذہن میں اطاعتِ الٰہی کا خیال ہی نہ ہو تو اس کا غسل باطل ہے اور ضروری ہے کہ دوبارہ غسل کرے۔

سوال۲۶: آیا وہ رنگ جسے عورتیں اپنے بالوں کے لئے استعمال کرتی ہیں رکاوٹ سمجھا جائے گا؟

جواب: اگر ایسی تہہ کا احتمال ہو جو پانی پہنچنے میں رکاوٹ ہو تو اسے ہٹانا ضروری ہے لیکن ظاہر یہ ہے کہ اس میں ایسی کوئی تہہ نہیں ہوتی۔

سوال ۲۷: کیا غسل میں استعمال ہونے والا پانی پاک ہے؟ اور جن کپڑوں پر اس پانی کے قطرے لگے ہوں ان میں نماز پڑھنے کا کیا حکم ہے؟

جواب: پاک ہے اور نماز صحیح ہے۔

سوال ۲۸: کیا آپ کے نزدیک کوئی ایسا مستحب غسل بھی ہے جو سال کے دوران مخصوص ایام میں انجام دیا جائے۔ میری مراد کوئی ایسا غسل ہے کہ جس کے بعد نماز کے لئے وضو کرنا ضروری نہیں ہوا کرتا ہے؟

جواب: جی ہاں، ایسے غسلوں میں غسلِ جمعہ، رمضان کے مہینے میں پہلی، سترہویں، انیسویں، اکیسویں، تیئیسویں، اور چوبیسویں رات کا غسل، عید الفطر اور عید الاضحیٰ کے دن اور اسی طرح ذی الحجہ کے آٹھویں اور نویں دن کا غسل شامل ہیں۔

# تیمم

سوال ۲۹: کیا سنگِ مرمر پر تیمّم کرنا صحیح ہے جب اس پر غبار موجود نہ ہو؟

جواب: احتیاطِ واجب یہ ہے کہ ایسا تیمّم صحیح نہیں۔

سوال ۳۰: کیا پتھر اور ٹائل کہ جن پر غبار نہیں ہوا کرتا، تیمّم کرنا جائز ہے اور کیا آقائے سیستانی مدظلہ العالی کے نزدیک ریت پر تیمّم کرنا جائز ہے؟

جواب: احتیاط واجب کی بنا پر تیمّم کے لئے ضروری ہے کہ ان چیزوں پر ہاتھ مارا جائے کہ جس پر تیمّم کرنا صحیح ہوا کرتا ہے اور ریت پر تیمّم کرنا جائز ہے۔

سوال ۳۱: وضو اور غسل میں جان بوجھ کر اس قدر تاخیر کرنے کے بارے میں کیا حکم ہے کہ جس سے ان کی ادائیگی کا وقت تنگ ہو جائے؟

جواب: ایسا کرنا جائز نہیں لیکن اس صورت میں اس کا تیمّم صحیح ہوگا۔

سوال ۳۲: کیا تیمّم میں پیشانی پر لمبائی میں بال اگنے کی جگہ سے ناک کے اطراف تک مسح کرنے کے بعد چوڑائی میں بھی مسح کرنا واجب ہے؟

جواب: ضروری ہے کہ مسح اوپر سے نیچے کی جانب اس طرح سے کیا جائے کہ وہ تمام اطراف کو شامل ہو جائے۔

# رفع حاجت کے احکام

سوال ۳۳: ہم جاننا چاہتے ہیں کہ کیا رفع حاجت کے دوران جسم کا اگلا یا پچھلا حصّہ قبلہ کی جانب ہونا جائز ہے یا نہیں؟ اور اگر بالفرض حرام ہے تو کیا اپنا جسم تھوڑا سا قبلے سے ہٹا لینا کافی ہے مثلاً پانچ درجے یا نہیں؟ اور کیا حمام کو اس طرح بنانا کہ اس میں موجود لیٹرین کا رخ قبلہ کی جانب ہو حرام ہے یا نہیں؟

جواب: احتیاطِ واجب کی بنا پر جسم کا اگلا اور پچھلا حصّہ رفع حاجت کے دوران قبلہ کی جانب نہیں ہونا چاہیے۔

اور اگر گھر کو اس طرح سے بنایا گیا ہو کہ اس میں موجود بیت الخلاء کا رخ قبلے کی جانب ہو تو یہ (بذاتِ خود) حرام نہیں ہے اور رفع حاجت کے وقت جسم قبلے سے اس قدر ہٹا ہوا ہونا چاہئے کہ لوگ اس کے اگلے اور پچھلے حصّے کو قبلے کی جانب ہونا شمار نہ کریں (چاہے وہ کس قدر کم درجے پر ہی کیوں نہ ہو)

سوال ۳۴: ایک شخص اپنے پیشاب سے نجس شدہ ہاتھ اور مقام پیشاب کو پانی سے ایک بار دھوتا تھا۔ اس کی پچھلی نمازوں کے بارے میں کیا حکم ہے؟

جواب: مقام پیشاب کو پاک کرنے کے لئے تو کسی بھی پانی سے صرف ایک بار دھونا کافی ہے۔ ہاں، پیشاب سے نجس شدہ بدن کے باقی اعضاء دو بار دھوئے بغیر پاک نہیں ہوتے چاہے انہیں کُر پانی سے دھویا جائے یا کسی بھی کثیر پانی سے۔ اس اعتبار سے اب پچھلی نمازوں کا حکم یہ ہے کہ جن نمازوں کے بارے میں اسے یقین نہیں ہے کہ اس نے نجس بدن کے ساتھ پڑھی ہیں اس کی وہ نمازیں تو صحیح ہیں۔ اسی طرح وہ نمازیں جن کے بارے میں اسے یقین ہے کہ اس نے نجس بدن کے ساتھ پڑھی ہیں، چند صورتوں میں وہ بھی صحیح ہو سکتی ہیں مثلاً اس وقت وہ ایسے مجتہد کی تقلید میں تھا جو بدن کی طہارت کے لئے کثیر پانی سے ایک بار دھونے کو کافی سمجھتا تھا یا اس وقت وہ جاہلِ قاصر تھا یعنی مثلاً اس نے توضیح المسائل کو دیکھا تو تھا لیکن مسئلہ سمجھنے میں غلطی ہوگئی تھی یا کسی قابل اعتماد شخص کی بات پر بھروسہ کر کے ایک بار دھوتا تھا لیکن اس شخص نے مسئلہ بتانے میں غلطی کی تھی۔ ان صورتوں کے علاوہ اگر اس نے نجس بدن کے ساتھ نماز پڑھی تھی تو اس کی نمازیں باطل ہیں اور اسے ان نمازوں کی قضاء کرنا ہوگی۔

سوال ۳۵: آیا پیشاب میں پتھروں سے استنجاء کرنا جائز ہے؟

جواب: مقام پیشاب کو پاک کرنے کے لئے پانی کے علاوہ کوئی چیز کافی نہیں ہے۔

سوال ۳۶: آیا پیشاب سے اٹھنے والی بھاپ نجس ہے یا پاک؟

جواب: پاک نہیں ہے لیکن جس چیز سے لگے اسے نجس نہیں کرتی۔

# کھانے پینے کے احکام

سوال ۳۷: اہل کتاب کے ذبح کئے ہوئے جانور کے بارے میں آپ کیا فرماتے ہیں؟

جواب: احتیاط واجب کی بناء پر اس جانور سے اور اس کے کھانے سے اجتناب برتا جائے۔

سوال ۳۸: جب مسلمانوں کے بازار سے خرید ے گئے گوشت کے حلال ہونے میں اگر اس وجہ سے شک ہو کہ نہ جانے قصاب جانور ذبح کرنے کی شرائط کی پابندی کرتا ہے یا نہیں تو کیا ایسی صورت میں اس گوشت کو کھانا جائز ہے؟

جواب: اسے کھانا جائز ہے اور شک کا کوئی اعتبار نہیں۔

سوال ۳۹: اگر کسی مچھلی پر ایک یا دو چھلکے ہوں تو کیا اسے کھانا جائز ہے؟

جواب: جائز ہے۔

سوال ۴۰: ایسی مچھلی کا کیا حکم ہے جو جال میں آ جائے لیکن پانی سے نکالے جانے سے پہلے ہی مر جائے۔ کیا ایسی مچھلی کا کھانا حلال ہے یا نہیں؟

جواب: ایسی مچھلی کا کھانا حلال ہے۔

سوال ۴۱: کیا ''زرافہ'' اور ''کینگرو'' کا گوشت کھانا جائز ہے؟

جواب: ان کا گوشت کھانا حرام ہو، اس پر کوئی دلیل نہیں۔

# متفرقات

سوال۴۲: وہ حیوانات جن کا گوشت کھایا جاتا ہے ان کے پیشاب اور ذبح کرنے کے بعد ان کے خون کا کیا حکم ہے؟

جواب: ان کا پیشاب پاک ہے اور وہ خون جو شرعی طریقے سے ذبح کرنے کے بعد ان کے پیٹ میں باقی رہ جایا کرتا ہے وہ بھی پاک ہے۔

سوال۴۳: نجاست کے ثابت ہونے کے طریقے میں آیا ہے کہ انسان کو نجاست کے بارے میں یقین یا اطمینان ہو جائے، ان دونوں میں کیا فرق ہے؟

جواب: یقین سے مراد قطعی طور پر یہ جاننا ہے جب کہ اطمینان سے مراد ایسا جاننا ہے جو قطعی نہ ہو یعنی جس کے ساتھ برخلاف بات کا احتمال بھی موجود ہوتا ہے لیکن یہ احتمال اتنا ضعیف ہوتا ہے کہ جسے عقلاء اہمیت نہیں دیتے۔

سوال۴۴: اگر منہ میں مصنوعی دانتوں پر خون لگ جائے تو آیا ان کو نکال کر پاک کرنا واجب ہے؟

جواب: عین نجاست کے ختم ہونے کے ساتھ ہی یہ دانت بھی پاک ہو جاتے ہیں۔

سوال۴۵: آیا مسوڑھوں سے نکلنے والے خون کو نگلنا جائز ہے؟

جواب: اگر خون تھوک میں مل کر ختم ہو جائے تو اس کا نگلنا جائز ہے۔

سوال۴۶: خون کو دھونے کے بعد زخم پر باقی رہ جانے والے خون کے پانی کا کیا حکم ہے؟

جواب: اگر اس میں خون ملا ہوا نہ ہو تو وہ پاک ہے۔

سوال ۴۷: میرا سوال washing machine اور dryer کے بارے میں ہے۔ کیا اس مشین میں دھوئے اور سکھائے جانے والے کپڑے پاک مانے جائیں گے۔ اسی طرح dish washing machine کے بارے میں کیا حکم ہے؟

جواب: اگر آپ نے مطلق پانی سے کپڑوں کو دھولیا ہے اور اس بات کا خیال رکھا ہے کہ کہاں ایک سے زیادہ بار دھونا ضروری ہے، ساتھ ہی پانی کے قلیل ہونے کی صورت میں اس کا غسالہ بھی نکال لیا تھا تو وہ کپڑے پاک مانے جائیں گے۔

سوال ۴۸: زمین کو پاک کرنے کے مسئلے میں چاہے سیمنٹ یا پتھر کی بنائی ہوئی سخت زمین ہو یا نرم زمین مثلاً ریتیلی زمین۔ کیا اتنا کافی ہے کہ متصل پائپ کے ذریعے پانی کی کچھ مقدار اس پر ڈال دی جائے؟

جواب: ایسے پانی کو کر مانا جائے گا، لہٰذا اس پانی کا نجاست پر غالب آجانا ہی کافی ہے۔

سوال ۴۹: اگر بچہ قالین پر پیشاب کردے اور یہ نجاست سرایت کر کے کمرے کی زمین تک پہنچ جائے تو کیا قالین کے پاک کرنے سے زمین پاک ہوجائے گی؟

جواب: جی نہیں، بلکہ ضروری ہے کہ زمین کو مستقل طور پر الگ سے پاک کیا جائے۔

سوال ۵۰: کیا نجس العین جانور جیسے کتے اور کافر کے جسم کے اعضاء کی پیوند کاری جائز ہے اور اسے کسی مسلمان کے جسم کا حصہ بنانے کے بعد نجاست اور طہارت کے اعتبار سے کیا حکم ہوگا؟

جواب: ایسا کرنا جائز ہے اور یہ مسلمان کے جسم کا حصہ بننے کے بعد پاک ہوگا۔

سوال۵۱: یہ تو مشہور ہے کہ میت کے احکام، مثلاً غسل میت اور غسل مس میت وغیرہ، اس کے ٹھنڈا ہونے کے بعد شروع ہوتے ہیں۔ لیکن جو مسئلہ ہمارے لئے واضح نہیں ہوسکا وہ یہ ہے کہ اگر مثلاً میرے ہاتھ میں تری ہو اور میرا ہاتھ میت کو مس ہوجائے جب کہ وہ میت بھی ٹھنڈی ہوچکی ہو تو غسل مس میت واجب ہونے کے علاوہ کیا میرا ہاتھ نجس بھی ہوجائے گا۔ یعنی کیا باطنی نجاست کے علاوہ میت ظاہری طور پر بھی نجس ہوتی ہے؟

جواب: جی ہاں، آپ کا ہاتھ نجس ہوجائے گا چاہے میت ابھی ٹھنڈی نہ بھی ہوئی ہو۔

سوال۵۲: انسولین کی دوائی جو شوگر کے مریض استعمال کیا کرتے ہیں وہ کبھی کبھار سؤر کے بدن سے حاصل کی جاتی ہے تو کیا اس کا استعمال جائز ہوگا؟

جواب: جائز ہے۔

سوال۵۳: کیا الکحل ہی اسپرٹ ہوتا ہے؟ اور کیا وہ الکحل جو خوشبو وغیرہ میں استعمال ہوتا ہے، پاک ہے؟ کہا جاتا ہے کہ الکحل کی دو اقسام ہیں، کیا وہ دونوں اقسام پاک ہیں؟

جواب: یہ تمام کی تمام پاک ہیں۔

سوال۵۴: اسپرٹ کا کیا حکم ہے؟

جواب: اسپرٹ کی تمام انواع پاک ہیں۔

سوال۵۵: اگر کسی شخص کو اپنے کام کاج کی جگہ کے نجس ہونے کے بارے میں معلوم ہو اور وہ یہ بھی جانتا ہے کہ اگر وہ وہاں رہا تو جلد ہی نجس ہوجائے گا تو کیا اس صورت

میں اس شخص پر وہاں سے چلا جانا واجب ہو جائے گا؟

جواب: اگر اس شخص کا بدن یا لباس نجس ہو جائے تو نماز کی انجام دہی کے لئے اسے پاک کرنا واجب ہے۔ (وہاں سے چلے جانا واجب نہیں ہے)

# نماز

## نافلہ نمازیں

سوال ۵۶: کیا نافلہ نماز کو اذان کا وقت آنے سے پہلے انجام دینا جائز ہے؟

جواب: سوائے جمعہ کی نافلہ کے بقیہ نوافل کو اذان سے قبل انجام دینا جائز نہیں۔

سوال ۵۷: ظہر و عصر کی نافلہ جو کہ ویسے تو ظہر و عصر سے قبل ادا کی جاتی ہے لیکن اگر کسی شخص نے نماز جماعت یا کسی دوسرے کام کو انجام دینے کی وجہ سے اسے چھوڑ دیا اور اب چاہتا ہے کہ ان نافلہ نمازوں کو ادا کرے تو اس کے لئے کیا نیت کرے آیا دیر سے انجام دینے کی نیت کرے یا قربت مطلقہ کی نیت کرے یا کچھ اور؟

جواب: قضا کی نیت کی جائے گی۔

سوال ۵۸: زید کو ہفتے کی رات دفن کیا گیا لیکن جس وقت یہاں رات تھی امریکہ میں دن تھا تو کیا اس صورت میں نمازِ وحشت کو امریکہ میں دن کے وقت پڑھا جاسکتا ہے؟

جواب: رجاءِ ثواب کی نیت سے جائز ہے۔

# قرائت کے احکام

سوال ۵۹: کیا بسم اللہ پڑھتے وقت ہی جو سورہ پڑھنا ہو اسے معین کرنا واجب ہے؟

جواب: واجب نہیں ہے لیکن اگر کسی معین سورہ کے لئے بسم اللہ پڑھا ہو پھر اسے چھوڑ کر دوسرا سورہ پڑھنا چاہے تو احتیاط واجب کی بناء پر بسم اللہ کو دوبارہ پڑھنا ہو گا۔

سوال ۶۰: مجھے نماز میں شک ہوتا ہے کہ آیا میں نے حروف کو صحیح مخارج سے ادا کیا ہے یا نہیں تو کیا اس صورت میں بار بار دہرانا ضروری ہے تا کہ صحیح ادائیگی کا یقین حاصل ہو سکے؟ اور کیا اس کی وجہ سے سجدہ سہو واجب ہو جائے گا؟

جواب: قرائت میں حروف کو اس طرح سے ادا کر دینا کافی ہے جو عربوں کے یہاں صحیح سمجھے جائیں اور تجوید کی کتابوں میں لکھے گئے قوانین کا خیال رکھنا ضروری نہیں۔ ہاں، اگر ان حروف کو اس طرح سے ادا کیا جائے کہ عربوں کے یہاں صحیح نہ مانا جائے تو نماز باطل ہے اور سجدہ سہو اسے صحیح نہیں کر سکتا۔

سوال ۶۱: ظہر وعصر کی نمازوں میں آہستہ آواز سے نماز پڑھنے کا حکم، کیا پوری نماز کے لئے ہے یا کسی خاص حصے کے لئے؟

جواب: یہ حکم صرف پہلی اور دوسری رکعت کے حمد و سورہ اور تیسری و چوتھی رکعت کی تسبیحات اربعہ کے لئے ہے۔

سوال ۶۲: کیا تیسری اور چوتھی رکعت میں تین دفعہ سے زائد دفعہ تسبیحاتِ اربعہ پڑھنے

سے نماز میں کوئی خلل پڑتا ہے؟

جواب: کوئی خلل نہیں ہوتا۔

# سجدہ

سوال۶۳: اگر کوئی نمازی اس حالت میں کہ وہ بیٹھا ہوا ہو، سر اٹھانے کے بعد شک کرے کہ اس نے رکوع سے سر اٹھایا ہے یا سجدے سے تو اس صورت میں اس کی کیا ذمہ داری ہے؟

جواب: وہ یہ سمجھے کہ اس نے سجدے انجام نہیں دیئے ہیں۔

سوال۶۴: ایک شخص کو سجدے سے سر اٹھانے کے بعد شک ہو کہ وہ پہلے سجدے میں تھا یا دوسرے میں تو اس کی کیا ذمہ داری ہے؟

جواب: اس پر واجب ہے کہ وہ ایک سجدہ اور کرے۔

سوال۶۵: قرآن مجید میں واجب سجدوں کی ادائیگی کا حکم صرف مکلفین سے مخصوص ہے یا بچے اور اس کے علاوہ دوسرے لوگ بھی اس حکم میں شامل ہیں؟

جواب: یہ حکم صرف مکلّف کے لئے ہے۔

سوال۶۶: واجب سجدہ والی آیات کے سنتے اور پڑھتے وقت سجدہ کرنے کے بارے میں کیا حکم ہے؟ کیا سجدے کی ادائیگی میں اس قدر تاخیر جائز ہے کہ گھر تک پہنچ جائے یا تنگی یا پریشانی کے خوف کی وجہ سے عورت ایسے مقام تک پہنچ جائے جہاں وہ اس سے محفوظ ہو؟

جواب: واجب سجدے کی ادائیگی فوری طور پر واجب ہوا کرتی ہے۔لہٰذا، اگر اس وقت ممکن نہ ہو یا حرج ہو یا حرج کا باعث ہو تو احتیاط واجب کی بناء پر سجدے کے لئے اشارہ کرے پھر جس وقت ممکن ہو سجدہ کرے۔

# قصر نماز

سوال ۶۷: کیا ایک ہفتے میں تین بار سفر کرنے سے انسان کثیر السفر بن جاتا ہے، چاہے وہ سفر پورے پورے دن پر مشتمل نہ ہو؟ کیا اسے بھی کثیر السفر کہا جائے گا جو ایک ہی دن میں تین بار سفر کرے یا ایک بار سفر کرے لیکن اسی سفر میں تین دن تک مسافر رہے؟

جواب: ہفتے میں تین دن سفر کرنے سے انسان کثیر السفر بن جاتا ہے چاہے کسی بھی دن کا سفر پورے دن پر مشتمل نہ ہو۔وہ بھی کثیر السفر ہوتا ہے جو ایک ہی سفر میں مسلسل تین دن مسافر رہے مثلاً ہفتے کی صبح نجف سے بغداد جائے اور پیر کو شام تک وہاں رہے۔صرف ایک دن میں تین بار سفر کرنے سے انسان کثیر السفر نہیں بنتا۔

سوال ۶۸: اگر کوئی شخص کسی ایسے شہر میں ٹھہرا ہو جو اس کا اصلی وطن نہ ہو اور اس نے اسے شرعاً وطن کے طور پر بھی اختیار نہ کیا ہو تو اس صورت میں اس کی نماز اور روزے کے بارے میں کیا حکم ہے، ساتھ ہی اس بات کو مدِ نظر رکھا جائے کہ اس نے اس شہر میں تقریباً چار سال کے لئے کرایہ پر گھر بھی لے رکھا ہے جس کی مدت ابھی ختم نہیں ہوئی ہے؟

جواب: اگر وہ اس شہر میں ڈیڑھ سال یا اس سے زائد عرصے کے لئے ٹھہرنے کا قصد رکھتا ہو تو اس شہر کو ایک مہینے کی مدت گزرنے کے بعد اس کا وطن شمار کیا جائے گا (یعنی اس کے بعد اس پر وہاں دوران سفر روزہ رکھنا بھی لازم ہوگا اور نماز بھی مکمل ادا کرنی ہوگی)۔

سوال ۶۹: یونیورسٹی کا طالبِ علم جس کی یونیورسٹی اس کے شہر سے مسافت شرعیہ کے فاصلے پر ہے۔ وہ ہر ہفتے گھر کا چکر بھی لگاتا ہے۔ گرمیوں کی چھٹیوں میں اگر اسے کسی کام مثلاً امتحانی نتیجہ یا سرٹیفکیٹ لینے کے لئے یونیورسٹی آنا پڑے اور وہ وہاں یا وہاں سے نزدیک کسی مقام پر نماز ادا کرنا چاہے تو کیا اسے قصر نماز ادا کرنا ہوگی؟

جواب: اگر وہ ہر ہفتے صرف ایک یا دو دن اپنے گھر آتا ہے اور باقی ایّام میں یونیورسٹی میں ہی اس کی رہائش گاہ سمجھی جاتی ہے، تو ایسی صورت میں درسی ایّام میں یونیورسٹی میں وہ نماز پوری پڑھے گا اور راستے میں قصر پڑھے گا۔
اور موسمِ گرما میں جب دروس کی تعطیل ہوتی ہے، اگر اس کا اثاثہ اور سامان وہیں یونیورسٹی میں پڑا رہے تو بھی یہی حکم ہے لیکن اگر اس کا تعلق یونیورسٹی سے ختم ہو جائے تو پھر یقیناً اسے وہاں بھی قصر پڑھنا ہوگی۔

سوال ۷۰: جب سفر میں اپنی ذمہ داری کا تعین کرنا یعنی قصر پڑھنی ہے یا تمام اسی صورت معلوم ہو سکتا ہے کہ جب سفر کی مقدار کے بارے میں تحقیق کی جائے، تو کیا اس صورت میں جائز ہے کہ بغیر تحقیق کرے نماز کو مکمل اور قصر دونوں طرح سے پڑھ لیا جائے؟

جواب: جائز ہے۔

سوال ۷۱: اگر کسی شخص نے سفر کے دوران اپنی قصر نماز کو قضا کر دیا ہو اور اب اپنے وطن پہنچ کر اس کی قضا کرنا چاہتا ہو تو کیا اسے پوری نماز پڑھنا ہو گی؟

جواب: جی نہیں، اسے قضا بھی قصر ہی کرنا ہو گی۔

# نمازِ جماعت

سوال ۷۲: اگر کوئی شخص اپنے عادل نہ ہونے کے بارے میں یقین رکھتا ہو تو کیا اس کے لئے یہ جائز ہے کہ وہ نماز جماعت میں امام بنے؟

جواب: جی ہاں، جائز ہے۔

سوال ۷۳: آیا اپنے عادل ہونے میں شک کرنے والے امام کے لئے جائز ہے کہ وہ اس طرح سے نیت کرے "اگر اللہ کے نزدیک عادل ہوں تو امامت کی نیت کرتا ہوں ورنہ فرادیٰ کی نیت کرتا ہوں"؟

جواب: اس کے لئے امامت کی نیت کرنا جائز ہے اگرچہ اسے اپنے عادل نہ ہونے کا یقین ہو اور مذکورہ نیت سے کسی بھی حال میں نماز اور جماعت میں خلل واقع نہیں ہوتا۔

سوال ۷۴: کیا امام جماعت کے لئے یہ صحیح ہے کہ وہ فرادیٰ کی نیت کرے؟ اور کیا یہ ضروری ہے کہ وہ ماموین کو اس کی خبر دے؟

جواب: جائز ہے کہ وہ فرادیٰ کی نیت کرے لیکن لوگوں کو بتانا ضروری نہیں ہے مگر فرادیٰ

کی صورت میں اس کو نماز جماعت کا ثواب نہیں ملے گا۔

سوال۷۵: ایک شخص جو کسی مسجد کا پیش امام ہے کیا وہ نماز عید دو یا تین مرتبہ پڑھا سکتا ہے چونکہ ایک یا دو گھنٹے کے فرق سے ۲ یا ۳ نمازیں برپا ہوتی ہیں؟

جواب: بناء بر احوط جائز نہیں ہے۔

سوال۷۶: اگر ماموم ایک ہی ہو تو کیا ضروری ہے کہ پیش امام کے پہلو میں کھڑے رہ کر نماز پڑھے یا پیچھے کھڑے رہ کر بھی نماز پڑھ سکتا ہے؟

جواب: پیش امام کے پیچھے نماز پڑھنا جائز ہے، البتہ اس کے پہلو میں نماز پڑھنا مستحب ہے۔

سوال۷۷: کیا ماموم پر اس وقت قرائت کرنا واجب ہے، جب امام قنوت پڑھ رہا ہو اور وہ جماعت میں شامل ہو جائے؟

جواب: ماموم پر قرأت واجب نہیں۔

سوال۷۸: جب امامِ جماعت ظہر و عصر جیسی آہستہ پڑھی جانے والی نماز کی شروع کی دو رکعتوں میں ہو تو کیا ماموم کے لئے قرات کے دوران ذکر پڑھنا مثلاً محمد و آل محمد پر درود بھیجنا، اسی طرح تسبیح اور تہلیل یعنی لا الہ الاّ اللہ وغیرہ پڑھنا مستحب ہے یا خاموش رہنا لازم ہے اور جس وقت امام کی آہستہ آہستہ آواز آ رہی ہو جیسے بعض کلمات یا بعض حروف سنائی دے رہے ہوں تو کیا اس وقت بھی ذکر کو جاری رکھنا مستحب ہے یا ذکر کو روک کر خاموش رہے؟

جواب: اس کے لئے ذکر کرنا اور اسی طرح محمدؐ و آلِ محمدؐ پر درود بھیجنا مستحب ہے۔ اگر چہ

امام کی دھیمی آواز ہی سنائی دے رہی ہو۔

سوال ۷۹: جب پیش امام آخری رکعت کے تشہد اور سلام میں ہو تو کیا حالتِ سلام میں آخری سلام تک ماموم کے لئے ہاتھوں اور پنجوں پر بیٹھنا مستحب ہے یا جائز ہے یا وہ تشہد سے فارغ ہو کر نماز کو مکمل کرنے کے لئے کھڑا ہو جائے؟

جواب: تشہد کے بعد کھڑا ہو جانا جائز ہے اور ان کی نماز کے ختم ہونے تک گھٹنوں کو اٹھا کر ہاتھوں اور پنجوں پر بیٹھ کر ان کی اتباع کرنا مستحب ہے۔

سوال ۸۰: جب امامِ جماعت کی دوسری یا چوتھی رکعت ہو اور ماموم کی پہلی یا تیسری رکعت ہو تو کیا اس صورت میں جب امامِ جماعت تشہد پڑھ رہا ہو تو ماموم کے لئے تشہد پڑھنا مستحب ہے؟ اور اس تشہد کے دوران ماموم دونوں گھٹنوں کو اٹھا کر ہاتھوں اور پنجوں کے بل بیٹھے یا دوزانوں ہو کر بیٹھے؟

جواب: جب امامِ جماعت دوسری رکعت میں ہو تو احتیاط واجب کی بناء پر گھٹنوں کو اٹھا کر پنجوں اور ہاتھوں کے بل بیٹھنا ہے لیکن چوتھی رکعت میں آپ فرادیٰ ہو سکتے ہیں لیکن ان کی اتباع میں اس مخصوص طریقے سے بیٹھنا مستحب ہے اور ان دونوں رکعتوں میں ماموم کے لئے تشہد پڑھنا مستحب ہے جب کہ قربت مطلقہ کی نیت سے سبحان اللہ پڑھنا بھی جائز ہے۔

سوال ۸۱: کیا نماز جماعت کے دوران بلاوجہ فرادیٰ کی نیت کرنا جائز ہے جب کہ اس کی کوئی ضرورت نہ ہو بلکہ اس لئے کہ ہم دو نمازوں کو ایک ہی نمازِ جماعت میں انجام دے سکیں مثلاً جیسے مغرب وعشاء کو اس طرح جمع کرنا کہ ہم قنوت میں فرادیٰ کی نیت کر لیں؟

جواب: ایسا کرنا جائز ہے لیکن احتیاط کی بنا پر جماعت باطل ہوگی۔
اب اگر اس نے فرادیٰ کے وظیفے پر عمل کیا ہو تو نماز صحیح ہے ورنہ اس کی نماز کے صحیح ہونے میں اشکال ہے۔

سوال ۸۲: اگر جماعت نماز کے دوران پیش نماز کی قرائت کے صحیح ہونے کے بارے میں شک پیدا ہو تو اس صورت میں کیا ذمہ داری ہوگی؟
جواب: اگر اقتداء کرتے وقت پیش نماز کی قرائت کے صحیح ہونے کے بارے میں اطمینان تھا تو اس صورت میں شک سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔

سوال ۸۳: بیوی کا اپنے شوہر کی امامت میں نماز پڑھنے کا کیا حکم ہے؟ اور کیا جائز ہے کہ وہ اپنے شوہر کے دائیں جانب کھڑی ہو؟
جواب: شوہر کے پیچھے نماز پڑھنا جائز ہے اور وہ اس کے پیچھے کھڑی ہوگی۔

# متفرقات

سوال ۸۴: کیا ایامِ عزاء کے دوران نماز میں کالے کپڑے پہننا مکروہ ہے؟
جواب: اس کا مکروہ ہونا ثابت نہیں چاہے ایامِ عزاء نہ بھی ہوں۔

سوال ۸۵: کیا نماز کے اوقات میں اذان کو سپیکر پر بلند کرنے سے روکنا صحیح ہے؟
جواب: اگر رائج طریقے کے مطابق اذان دی جائے تو اسے نہیں روکا جاسکتا۔

سوال ۸۶: قبلے کے بارے میں تحقیق کے بعد قبلہ رخ ہو کر نماز پڑھی لیکن بعد میں معلوم ہوا کہ نماز قبلہ رخ نہیں تھی۔ اس نماز کے بارے میں کیا حکم ہے؟

جواب: اگر قبلے کے 90 ڈگری کے اندر اندر نماز پڑھی ہے تو نماز صحیح ہے۔ اس سے زیادہ کی صورت میں اگر وقت باقی ہو تو نماز کو دہرانا ضروری ہے اور اگر وقت گزر چکا ہو تو پھر نماز صحیح مان لی جائے گی۔

سوال ۸۷: آیا قنوت میں فقط معصومین علیہم السلام سے نقل ہونے والی دعائیں پڑھنا ضروری ہے یا خود سے دعا بنا کر پڑھنا جائز ہے؟

جواب: جائز ہے اگرچہ معصومین علیہم السلام سے مروی دعائیں پڑھنا بہتر ہے۔

سوال ۸۸: کیا واجب نماز کے دوران نماز پڑھنے والے کے لئے جائز ہے کہ وہ اپنی نیت کو قضا نماز کی طرف پھیر دے؟

جواب: اگر ادا نماز کا وقت تنگ نہ ہو تو جائز ہے۔

سوال ۸۹: جو شخص قضا نماز انجام دے رہا ہو کیا اس کے لئے ادا نماز کی جانب نیت پھیرنا جائز ہے؟

جواب: ایسا کرنا جائز نہیں۔

سوال ۹۰: ایک عورت نماز میں چند سال سے تشہد اس طرح پڑھتی ہے ''**اشھد لا اله الّا اللّٰه و اشھد انّ محمداً رسول اللّٰه و اشھد انّ علیاً ولی اللّٰه**''، اس کی نماز کے بارے میں کیا حکم ہے؟

جواب: اگر وہ عورت جاہلِ قاصر تھی تو کوئی قضا اس پر واجب نہیں لیکن اگر جاہلِ مقصر تھی تو احتیاطِ واجب کی بنا پر ضروری ہے کہ ان نمازوں کی قضا کرے۔

سوال ۹۱: اگر کوئی شخص نماز کو مستحب سلام پر ہی ختم کر دیا کرتا تھا، اس خیال سے کہ اسی پر

نماز مکمل ہو جاتی ہے کیوں کہ اس نے کسی عالم سے سنا تھا کہ ایک سلام کافی ہے تو کیا اب ان نمازوں کی قضا واجب ہوگی؟

جواب: ان نمازوں کی قضا واجب نہیں ہے۔

سوال۹۲: ایک لڑکے نے بالغ ہونے کے بعد سے بیس سال تک نماز کو سنجیدہ طور پر نہیں لیا۔ کبھی اس کی نماز قضا ہو جاتی تھی اور کبھی جان بوجھ کر وہ قضا کر دیا کرتا تھا۔ اس نے کبھی ان نمازوں کی قضا بھی نہیں کی اور اب یہ بھی نہیں معلوم کہ کتنی نمازیں اس نے قضا کی ہیں۔ اب اس کی کیا ذمہ داری ہے؟

جواب: اس پر واجب ہے کہ جتنی نمازوں کے قضا ہونے کا یقین ہے ان کی قضا کرے۔ شک والی مقدار کی قضا ضروری نہیں۔

نماز کی قضا میں ترتیب کا خیال رکھنا ضروری نہیں۔ ہاں، ایک ہی دن کی ظہر و عصر کے درمیان اور اسی طرح ایک ہی دن کی مغرب و عشاء کے درمیان ترتیب کا خیال رکھنا ضروری ہے۔

سوال۹۳: آیا جان بوجھ کر نماز کو ترک کیا جا سکتا ہے اس لئے کہ جمعہ کے دن قضا کروں گا؟

جواب: نماز کا ترک کرنا حرام ہے۔

سوال۹۴: جب کوئی شخص قضا نماز کو کسی اور وقت میں پڑھنا چاہے جیسے ظہر کی قضا رات کے وقت پڑھنا چاہے تو آیا بلند آواز سے پڑھنا ضروری ہے؟

جواب: قضا ہونے والی نماز اسی طرح پڑھی جائے گی جس طرح وقتِ ادا میں پڑھی جاتی ہے۔ لہٰذا مثال میں بیان کردہ ظہرین کو آہستہ آواز سے پڑھا جائے گا۔

سوال۹۵: کیا قضا نمازوں کو موجودہ مجتہد کے فتویٰ کے مطابق انجام دینا واجب ہے یا اس مجتہد کے مطابق جس کے زمانے میں یہ نمازیں قضا ہوئی تھیں؟

جواب: ان کی قضا موجودہ مرجع کے فتویٰ کے مطابق ادا کرنا ضروری ہے۔

سوال۹۶: ایک شخص اور اس کی بیوی دونوں سنّی مسلک پر فوت ہوئے ہیں۔ ان کا بیٹا شیعہ ہے کیا بیٹے پر اپنے باپ کی نمازیں قضا کرنا واجب ہیں۔ اگر واجب ہے تو کیا وہ شیعہ طریقے کے مطابق نماز پڑھے یا سنّی طریقے کے مطابق؟

جواب: قضا کرنا واجب نہیں ہے۔

سوال۹۷: میرے والد سات امامی شیعہ تھے جبکہ میں الحمدللہ اثناء عشری شیعہ ہوں۔ کیا ان کی قضا نمازیں پڑھنا مجھ پر واجب ہے؟ اگر ہے تو کیا میں وہ نمازیں اہلبیتؑ کے طریقہ کے مطابق بجالاؤں یا اپنے والد کے مذہب کے مطابق؟

جواب: قضا بجالانا ضروری نہیں ہے۔

# روزہ

سوال ۹۸: کیا روزہ دار کے لئے سینے سے آنے والے بلغم کو نگلنا جائز ہے اور اسی طرح سر سے خارج ہونے والے بلغم کو نگلنے کا کیا حکم ہے؟

جواب: ان دونوں کو نگلنے میں کوئی حرج نہیں اور روزہ کو بھی کوئی نقصان نہیں پہنچے گا چاہے منہ کے اندرونی حصّہ تک پہنچ جائے۔

سوال ۹۹: دھواں، غبار اور گاڑھے بخارات سے کیا روزہ متاثر ہوتا ہے؟

جواب: ان سے روزہ متاثر نہیں ہوتا۔

سوال ۱۰۰: آیا ضرر کے گمان کے باوجود روزہ رکھنا جائز ہے؟

جواب: اگر ضرر عام طور پر قابلِ تحمل نہ ہو تو روزہ رکھنا صحیح نہیں ہے اور اگر موت یا اس جیسی کسی چیز کا سبب ہو تو روزہ رکھنا حرام ہے۔

# فطرہ

سوال ۱۰۱: اگر کوئی شخص مغرب سے پہلے کسی کے یہاں مہمان بن کر آئے اور اسی رات چاند ثابت ہو جائے تو کیا اس کا فطرہ صاحبِ خانہ پر ہوگا؟

جواب: اگر وہ مہمان میزبان کے یہاں عید کی رات رُکا رہے اور اس کے اہل وعیال

میں شمار ہوتو اس کا فطرہ میزبان پر واجب ہوگا۔ صرف عید کی رات کو کسی کے یہاں کھانا کھانے سے اس پر فطرہ واجب نہیں ہوا کرتا۔

سوال۱۰۲: اگر مہمان اپنا فطرہ خود نکالنا چاہتا ہوتو کیا میزبان کی ذمہ داری ختم ہو جائے گی؟

جواب: اگر وہ مہمان ایسا ہو جو صاحبِ خانہ کے عیال میں شمار ہوتا ہوتو اس کا فطرہ صاحبِ خانہ ہی پر واجب ہوگا چاہے مہمان اپنا فطرہ خود نکال دے۔

# خمس

سوال۱۰۳: ایک شخص نے کچھ رقم مثلاً دس ہزار ریال قرض کے طور پر لئے اور اب اس پر ایک سال گزر چکا ہے لیکن اس نے ابھی تک مالک کو اس کی ادائیگی نہیں کی اور وہ رقم ابھی اس کے پاس موجود ہے تو کیا اس پر خمس واجب ہوگا؟

جواب: چونکہ یہ اس کی آمدنی نہیں ہے لہذا اس پر خمس واجب نہیں ہے۔

سوال۱۰۴: کیا ان چیزوں پر خمس واجب ہے کہ جنہیں میں گھر کے اخراجات کے حصول کے لئے استعمال کرتا ہوں جیسے ٹیکسی؟

جواب: اگر آپ نے اسے خمس نکالے ہوئے مال سے خریدا ہو تو جب تک وہ آپ کے پاس موجود ہے اس پر خمس واجب نہیں لیکن جس سال آپ اسے فروخت کریں گے تو اس وقت قیمتِ خرید اور قیمتِ فروخت کے درمیان جو فرق ہوگا وہ اس سال کی آمدنی میں شمار ہوگا اور اگر اسے اس سال کے اخراجات میں استعمال نہ کیا جائے تو اس پر خمس نکالنا واجب ہوگا۔

سوال۱۰۵: کیا اس مال پر خمس واجب ہوتا ہے جو باپ اپنی اولاد کو دیتا ہے، جب کہ اس پر اولاد کی ملکیت ہونے کے بارے میں کوئی صراحت نہ کی ہو؟

جواب: اگر یہ مال ان کی ملکیت ہو اور دورانِ سال یہ ان کے اخراجات میں استعمال نہ

ہو تو اس پر خمس واجب ہوگا۔

سوال ۱۰۶: جو چیز دیت کے طور پر ملے کیا اس پر خمس واجب ہوتا ہے؟

جواب: اس پر خمس واجب نہیں۔

سوال ۱۰۷: وہ چیزیں جو انسان سردیوں کے لئے بچا کر رکھتا ہے اگر وہ اس سال کی ضرورت سے زیادہ ہوں تو کیا اس پر خمس واجب ہے؟

جواب: جی ہاں، اس پر خمس واجب ہے۔

سوال ۱۰۸: کیا گائے، بھیڑ بکری اور مرغی وغیرہ سے حاصل ہونے والے منافع پر خمس واجب ہے؟

جواب: اس پر خمس واجب ہے۔ ہاں، اگر اس سے حاصل ہونے والی چیزوں کو اپنے گھر میں ہی استعمال کر لیتا ہو مثلاً گائے کا دودھ گھر میں ہی اپنے اور اپنے بال بچوں کے لئے استعمال کر لیتا ہو تو اس کا خمس نہیں نکالنا۔ لیکن اگر ان حاصل ہونے والی چیزوں کو فروخت کر دیتا ہو مثلاً دودھ اور اون وغیرہ کو فروخت کر دیتا ہو تو اس کا خمس نکالنا واجب ہے۔

سوال ۱۰۹: اگر انسان اپنے روزمرہ استعمال کی چیز کو خرید کی قیمت سے مہنگا فروخت کر دے تو کیا قیمت کی اضافی مقدار میں خمس واجب ہوگا؟

جواب: اگر وہ اضافی مقدار دورانِ سال کے اخراجات میں خرچ نہ ہو جائے تو اس کا خمس ادا کرنا واجب ہوگا۔

سوال ۱۱۰: اگر کپڑا یا قمیض یا اس جیسی کوئی چیز خریدے اور اسے نہ پہنے یہاں تک کہ سال

گزر جائے تو کیا اس پر خمس دینا واجب ہے؟

جواب: ہاں، واجب ہے۔

سوال۱۱۱: ایک شخص کا مشغلہ بچپن ہی سے کرنسی نوٹ اور سکّے جمع کرنے کا تھا۔کئی سال گزرنے کی وجہ سے ان میں سے کچھ سکّے اب لین دین میں استعمال بھی نہیں ہوتے ہیں لیکن اس کی اہمیت جاننے والے افراد جانتے ہیں کہ یہ قیمتی اثاثہ ہے۔کیا اس پر خمس واجب ہے؟

جواب: جی ہاں،اس پر خمس واجب ہوگا۔

سوال۱۱۲: ایک شخص مشغلے کے طور پر postal stamps جمع کرتا ہے۔کئی سالوں کے دوران اس نے مختلف انواع واقسام اور مختلف مما لک کی stamps جمع کرلی ہیں۔ جو بہر حال ایک قیمت اور حیثیت رکھتی ہیں۔ان stamps پر خمس نکالنے کے حوالے سے کیا ذمہ داری ہے۔کیا ان stamps کوصرف اپنے پاس رکھنا اس فرد کے اعتبار سے ان stamps کا استعمال سمجھا جائے گا۔اور کیا اس سلسلے کے اخراجات کواس کے سالانہ اخراجات میں شمار کیا جائے گا؟

جواب: یہ اخراجات میں شامل نہیں ہے اور اس پر خمس بھی واجب ہوگا۔

سوال۱۱۳: وہ شخص جو اپنی دوسری بیوی کے رہنے کے لئے دوسرا گھر خریدے اس کے بارے میں کیا حکم ہے۔کیا اس صورت میں اس پر خمس واجب ہوگا جب کہ اس کے تمام اموال اور ملکیت پر خمس نکلا ہوا ہے؟

جواب: اس پر خمس واجب نہیں ہے۔

سوال ۱۱۴: کیا ایسے شخص پر بھی خمس نکالنا واجب ہوگا جس کے لئے زندگی گذارنا اس قدر دشوار ہو کہ وہ اپنی ضروریات زندگی پورا کرنے کے لئے کئی بار قرضہ لینے پر مجبور ہو؟

جواب: سال بھر کے اخراجات کے بعد بچ جانے والی تمام چیزوں پر خمس واجب ہوگا چاہے ان کی مقدار نہایت کم ہی کیوں نہ ہو۔

سوال ۱۱۵: حکومتی ادارے میں کام کرنے والے ایک مومن کو چند مہینوں سے تنخواہ نہیں ملی۔ اسی دوران اس کی خمس کی ادائیگی کی تاریخ آ گئی۔ پھر اس کو ساری باقیماندہ تنخواہ ایک ساتھ مل گئی تو کیا اس پر واجب ہے کہ اس تنخواہ سے خمس نکالے؟

جواب: اس تنخواہ پر خمس اسی صورت میں واجب ہوگا جب وصولی کی تاریخ سے ایک سال گذر جائے اور اس نے اپنے سال کے اخراجات میں اسے استعمال نہ کیا ہو، اس لئے کہ انسان حکومت سے ملنے والی تنخواہ کا مالک اسی وقت بنتا ہے جب تنخواہ اس کے ہاتھ میں آتی ہے۔

سوال ۱۱۶: ایک شخص کو اپنے کسی عزیز کی وفات پر جو وراثت ملی، اس کے بارے میں اسے معلوم ہے کہ مرحوم نے اس کا خمس نہیں نکالا تھا۔ کیا یہ شخص صرف اپنے حصے کا خمس نکال کر اسے اپنے استعمال میں لا سکتا ہے، جب کہ دوسرے ورثاء اپنے اپنے حصے میں سے خمس نہیں نکال رہے؟

جواب: اگر مرحوم خمس نکالتا ہی نہیں تھا چاہے گنہگار بن کر ہی سہی، تو وارث پر اس میں سے خمس نکالنا واجب ہی نہیں، جب کہ اگر وہ خمس نکالتا تھا اور اس بار نہ نکال سکا

تھا تو وارث کے لئے اتنا کافی ہے کہ وہ اپنے ملے ہوئے حصے میں سے خمس نکال دے۔

سوال ۱۱۷: کیا خمس ادا کرنے کے لئے قرضہ لینا بھی واجب ہو جائے گا؟

جواب: اگر اس کے ذمے خمس آچکا ہو اور خمس کے حقداروں تک خمس نہ پہنچا سکا ہو اور قرضہ لینا اس کے لئے حرج کا باعث نہ ہو تو قرضہ لے کر خمس ادا کرنا ضروری ہے۔

سوال ۱۱۸: اگر کسی مکلّف کے لئے کسی خاص چیز پر خمس نکالنا اور اسے ادا کرنا ممکن نہ ہو تو اس صورت میں کیا اسے یہ حق حاصل ہے کہ وہ خمس کی مقدار سے جس قدر اس کی قدرت میں ہو ادا کرے اور بقیہ مقدار رفتہ رفتہ ادا کرتا رہے؟

جواب: اسے چاہئے کہ وہ مجتہد کے وکیل سے رابطہ کرے اور اس کے ساتھ اس حق کی ادائیگی میں مصالحت کرے جس کے نتیجے میں وہ چیز اس کی ذمہ داری پر آجائے گی اور پھر وہ رفتہ رفتہ بغیر کسی کاہلی وسستی کے خمس ادا کرتا رہے لیکن اگر اس نے اس سلسلے میں وکیل کے ساتھ مصالحت نہ کی تو پھر اس کے لئے جائز نہیں کہ وہ ان چیزوں کو جس پر خمس واجب ہو چکا ہے اپنے استعمال میں لائے۔

سوال ۱۱۹: ایک شخص جس نے میری شادی کے لئے کچھ رقم کا بندوبست کر رکھا ہے اور وہ چاہتا ہے کہ اسی مقصد کے لئے وہ خود اسے استعمال کرے تو اس صورت میں کیا مجھ پر اس رقم کا خمس نکالنا واجب ہوگا؟

جواب: اگر اس نے آپ کو پیسے نہیں دیئے، نہ ہی آپ کے وصول کئے ہیں تو آپ پر

خمس واجب نہیں ہے۔

سوال ۱۲۰: مخمّس یعنی جس پر خمس نکال دیا گیا ہو اس پر خمس نہیں ہوا کرتا اس سے کیا مراد ہے؟

جواب: اس کے معنی یہ ہیں کہ اگر کوئی ایسا مال جس کا خمس نکال دیا گیا ہو، ایک سال تک اور بھی باقی رہ جائے تو پھر اس پر دوبارہ خمس لاگو نہیں ہوگا، چاہے اس کا خمس اسی مال سے نکالا گیا ہو یا کسی دوسرے خمس ادا شدہ مال سے یا کسی ایسے مال سے جس پر خمس واجب ہی نہیں ہوتا ہے۔

ہاں، اگر کسی مال کو تجارت کی غرض سے رکھا گیا ہو اور اس کا خمس نکال دیا گیا ہو تو اگلا سال گزرنے کے بعد قیمت بڑھ جانے کی صورت میں بڑھی ہوئی مقدار کا خمس ادا کرنا ضروری ہوگا۔

سوال ۱۲۱: اگر خمس اس مال سے نہ نکالا جائے جس پر خمس واجب ہوا ہو بلکہ کسی دوسرے مال سے جیسے نئے سال کے منافع یا میراث میں سے نکالا جائے تو پانچواں حصہ نکالا جائے گا یا چوتھا حصہ؟

جواب: اگر میراث سے نکالا جائے تو پانچواں حصہ اور اگر نئے سال کے منافع میں سے نکالا جائے تو چوتھا حصہ خمس نکالا جائے گا۔

سوال ۱۲۲: اگر ایک شخص نے اس بات کا حساب کتاب ہی نہ کیا ہو کہ اس کے پاس کس قدر مال ہے جب کہ اس کے پاس اموال، اثاثے اور بیٹی کی شادی کے لئے خریدا گیا جہیز کا سامان بھی موجود ہے ان تمام پر خمس نکالنے کے سلسلے میں اس کی کیا ذمہ داری ہوگی؟

جواب: جو کچھ بھی اس کے منافع میں سے سال بھر کے اخراجات سے زیادہ ہوگا چاہے اس زائد مال کو دوسرے سال کے خرچہ میں استعمال کرلیا ہو اس پر خمس نکالنا واجب ہے اور اسی طرح ہر وہ چیز جو اس نے اپنی اس سال کی آمدنی سے خریدی ہو اور اسے اس سال اپنے استعمال میں نہ لا سکا ہو تو اس پر بھی خمس نکالنا واجب ہوگا سوائے بیٹی کی شادی کے لئے جہیز کے سامان پر خمس واجب نہیں ہوگا چاہے اس پر کئی سال گزر جائیں لیکن یہ اس شخص کے لئے ہے جس کی حیثیت ایسی ہو کہ وہ جہیز کا سامان تھوڑا تھوڑا کر کے ہی جمع کر سکتا ہو اور جو کچھ وہ ہر سال اس سلسلے میں خریدتا ہو لوگ اسے اس سال کے اخراجات میں شامل کرتے ہوں۔

سوال ۱۲۳: وہ اموال جو گھر کے تمام افراد کے درمیان مشترکہ ہو اس کا خمس نکالنا کس پر واجب ہے؟

جواب: اگر اس کا کوئی مالک ہے تو اس پر ورنہ تمام افراد اس مال پر اپنے اپنے حصّہ کے مطابق خمس نکالیں گے۔

# سہمِ سادات کے احکام

سوال ۱۲۴: کیا کسی ایسے ادارے کو سہمِ سادات دیا جا سکتا ہے جو سادات فقراء اور یتیموں کی فلاح و بہبود کے لئے کام کرتا ہے، ان کے لئے گھر کا انتظام کرتا ہے، ان کی ضروریات زندگی کو فراہم کرتا ہے اور انہیں آسان اقساط پر قرضہ فراہم کرتا ہے؟

جواب: کسی ایسے قابلِ اعتماد شخص کو، سادات تک ان کا حصّہ پہنچانے کے لئے وکیل بنایا جاسکتا ہے جو ایمان داری کا خیال رکھتے ہوئے، مستحق افراد کو پہچان سکتا ہو۔

البتہ شرط یہی ہے کہ وہ سارا سہمِ سادات ان تک پہنچادے یعنی اس کا کوئی حصّہ بھی ادارے یا اس کے ملازمین کے اخراجات پر خرچ نہ کرے۔ اسی طرح سہمِ سادات کو مستحق تک پہنچانے میں تاخیر نہ کرے بلکہ بلا معاوضہ ان تک ان کا حصّہ فوراً پہنچادے، یعنی ان کا حصّہ انہیں قرضے کے طور پر بھی نہیں دیا جاسکتا۔

یتیموں کی حد تک حکم یہ ہے کہ ولی شرعی کے ذریعے سے کام کیا جائے۔ بچے کے مال میں تصرف اور اس کے لئے مصلحت کا خیال رکھتے ہوئے فلاحی امور کا نگران اور ولی بچے کا باپ ہوتا ہے یا دادا، ان کی غیر موجودگی میں وہ فرد جسے ان میں سے کسی نے قیّم بنایا ہو یعنی وہ جسے بچے کے امور کی نگرانی کے لئے وصی بنایا ہو۔ اگر وصی بھی نہ ہو تو پھر بچے کے امور کی نگرانی اور اس پر ولایت حاکمِ شرع یا اس کے وکیل کے ذمّے ہوتی ہے۔ ان کے نہ ہونے کی صورت میں عادل مومنین اور عادل مومنین کے نہ ہونے کی صورت میں بقیہ مومنین اس کے ذمہ دار ہوتے ہیں۔

سوال ۱۲۵: کیا سید فقیر کو یہ بتانا واجب ہے کہ جو کچھ اسے دیا جارہا ہے وہ حق سادات میں سے ہے؟

جواب: واجب نہیں۔

سوال ۱۲۶: کسی سید کو سہمِ سادات دیتے وقت کیا یہ بتانا واجب ہے کہ یہ سہمِ سادات ہے

اور کیا اسے تحفے کے طور پر نہیں دیا جا سکتا؟

جواب: بتانا واجب نہیں ہے اور تحفے کے طور پر بھی اسے دیا جا سکتا ہے۔

سوال ۱۲۷: کیا کسی شخص کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ حق سادات سے کوئی چیز خرید کر کسی سید فقیر کو دے دے؟

جواب: ایسا کرنا جائز نہیں۔

سوال ۱۲۸: کیا سہمِ سادات کو کپڑے میں بدل کر سادات کے فقراء کو دینا جائز ہے؟

جواب: حاکمِ شرح کی اجازت کے بغیر جائز نہیں ہے۔

# متفرقات

سوال ۱۲۹: اگر مدرسہ کے پرنسپل کے پاس پچاس فیصد سہمِ امام کی اجازت ہو اور کہے کہ میں مکمل سہم امام لے سکتا ہوں اور تمہیں مکمل رقم کی رسید دوں گا۔ آیا اسے تمام رقم دینا صحیح ہے؟

جواب: خمس دینے والے کے لئے ضروری ہے کہ مکمل رقم کی رسید لے لیکن یہ رسید وکیل کی طرف سے نہیں بلکہ آقائے سیستانی دام ظلّہ کے دفتر کی طرف سے ہونا ضروری ہے۔

سوال ۱۳۰: آیا مالی واجبات کو دینی طلّاب علوم سے پہلے دوسرے ضرورتمندوں پر استعمال کرنا جائز ہے؟

جواب: سہم امام علیہ السلام کو مومنین کی واقعی ضروری احتیاجات پورا کرنے کے لئے

استعمال کرنا جائز ہے۔ البتہ اس میں بھی کوئی شک نہیں ہے کہ اسے اسلام کا نام اونچا کرنے کے لئے استعمال کرنا زیادہ بہتر ہے۔

سوال ۱۳۱: کیا خمس (مالِ امام اور مالِ سادات) کو مسجد کی تعمیر میں خرچ کرنا جائز ہے؟

جواب: سہم سادات کو صرف فقیر سادات پر خرچ کیا جاسکتا ہے لیکن سہم امام کو مرجع کی اجازت سے مسجد کی تعمیر پر خرچ کیا جاسکتا ہے۔

# حج/ عمرہ

سوال۱۳۲: ایک شخص اپنے تمام مناسک کو ادا کر چکا ہے، صرف طواف النساء اور اس کی نماز باقی ہے، تو کیا وہ طواف النساء انجام دئے بغیر اگلا عمرہ انجام دے سکتا ہے اور پھر بعد میں دو الگ الگ طواف النساء انجام دے؟

جواب: جائز ہے۔ البتہ احتیاط مستحب یہ ہے کہ یہ کام نہ کیا جائے۔

سوال۱۳۳: بھولے یا غلطی کی وجہ سے حج کے دوران ایک شخص جو کسی اور کی جانب سے قربانی کرنے گیا تھا بجائے اس کے کہ وہ یہ نیت کرتا کہ میں فلاں کی نیابت میں قربانی کر رہا ہوں، اس نے یہ نیت کی کہ میں اپنی جانب سے قربانی کر رہا ہوں۔ ایسے شخص کے بارے میں کیا حکم ہے؟

جواب: واجب ہے کہ اس شخص کی طرف سے علیحدہ سے قربانی کرے۔

# میت کے احکام

سوال۱۳۴: کیا ورثاء کے لئے جائز ہے کہ میراث کی تقسیم سے پہلے ہی میت کے مال سے کچھ مقدار کار خیریہ میں استعمال کریں؟

جواب: بالغ ورثاء کی اجازت سے ان کے حصے سے یہ کام کیا جاسکتا ہے۔

سوال۱۳۵: اگر قرض دار مر جائے تو کیا اس پر واجب الادا مدت دار قرضے فوری طور پر واجب الادا ہو جائیں گے؟

جواب: جی ہاں، ان کی ادائیگی فوری طور پر واجب ہو جائے گی۔

# نکاح

## غیر شیعہ مسلمان سے شادی

سوال۱۳۶: میں ایک شیعہ لڑکی ہوں ، مجھے ایک سنّی لڑکے سے محبّت ہے اور وہ مجھ سے شادی کرنا چاہتا ہے جب کہ مجھے معلوم ہے کہ وہ اپنے مذہب کو تبدیل کر کے شیعہ مذہب قبول نہیں کرے گا۔اس وقت وہ کسی دوسرے شہر میں پڑھتا ہے اوراب وہ مجھ سے میری تصویر منگوا رہا ہے تو کیا میرے لئے جائز ہے کہ میں اپنی بغیر حجاب کی تصویر اسے بھجوا سکوں اس سلسلے میں میرے لئے کیا حکم ہے؟

جواب: آپ کے لئے بغیر حجاب کی تصویر بھیجنا جائز نہیں جب کہ اگر اس ارادے سے تصویر بھیجی جائے کہ وہ شہوت کی نظر سے دیکھے گا تو با حجاب تصویر بھجوانا بھی جائز نہیں۔

اس کے علاوہ اگر اس بات کا خوف اور ڈر ہو کہ کل کو آپ گمراہ بھی ہو سکتی ہیں، جس کا احتمال بہر حال موجود ہے، تو پھر آپ کے لئے اس کے ساتھ شادی بھی جائز نہیں ہے۔

ہم آپ کو بطورِ خاص نصیحت کرتے ہیں کہ آپ اس طرح کی شادی نہ کریں۔

سوال ۱۳۷: ایک مومنہ لڑکی مسلمانوں کے کسی دوسرے فرقے کے لڑکے سے شادی کرنا چاہتی ہے جب کہ لڑکی کا باپ راضی نہیں اور لڑکی کو باپ کی ہٹ دھرمی نے ذہنی مریض بنا دیا ہے تو کیا اس صورت میں لڑکی کو باپ کی اجازت کے بغیر شادی کرنے کا حق حاصل ہے؟

جواب: باپ کی اجازت کے بغیر شادی کرنا صحیح نہیں ہے اور جو صورتِ حال ذکر کی گئی ہے اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔

# حجاب /لباس / زینت

سوال ۱۳۸: کیا مردوں کے لئے عورتوں کے کپڑے پہننا جائز ہے؟ اسی طرح برعکس یعنی عورتوں کے لئے مردوں کے کپڑے پہننے کے بارے میں کیا حکم ہے؟

جواب: اگر اس طرح کے لباس پہننے سے دونوں ایک دوسرے سے مشابہت نہ کر رہے ہوں تو کوئی حرج نہیں۔

سوال ۱۳۹: کیا ہماری لڑکیوں کے لئے اجنبی افراد کے سامنے پتلون پہن کر آنا جائز ہے۔ اس کی شرعی حدود کیا ہیں؟

جواب: اگر یہ شہوت ابھارنے کا سبب بن رہی ہو تو جائز نہیں ہے۔

سوال ۱۴۰: باحجاب خواتین اپنی آنکھوں میں coloured lences لگاتی ہیں جس کا مقصد آنکھوں کے رنگ کو تبدیل کرنا ہے مثلاً اگر آنکھوں کا رنگ کالا ہے تو پھر

ایسے lences کے استعمال سے آنکھوں کا رنگ نیلا یا سبز یا دیگر رنگوں میں تبدیل ہو جاتا ہے۔
کیا خواتین کے لئے ان lences کا استعمال جائز ہے یا یہ زینتوں کو ظاہر کرنے کا سبب بنے گا جسے حرام سمجھا گیا ہے یا کسی اور عنوان میں داخل ہو جیسے پروردگار کی بنائی گئی شی میں تبدیلی کرنا؟

جواب: اگر ان کا استعمال زینت سمجھا جاتا ہو تو اسے نامحرم مردوں کے سامنے ظاہر کرنا جائز نہیں۔

سوال ۱۴۱: کیا ایسے تنگ کوٹ یا عبا کا استعمال جائز ہے جو عورت کے جسم کے حصوں کو ظاہر کریں؟

جواب: اگر یہ لباس مخصوص نسوانی اعضاء کو ظاہر کر رہا ہو تو ایسا لباس پہن کر دوسروں کے سامنے آنا جائز نہیں ہے۔

سوال ۱۴۲: کیا عورت کے لئے ایسا لباس پہننا کافی ہے جو اس کے خدوخال کو ظاہر نہ کرے؟ اور کیا جائز ہے کہ عورت اپنا حجاب اور جسم پر پہنا ہوا رنگین لباس نامحرم کے سامنے ظاہر کرے؟

جواب: خدوخال کو چھپانے کی شرط کے ساتھ ایسا لباس پہننا جائز ہے اور بہر حال ہر زینت کو چھپانا واجب نہیں۔

سوال ۱۴۳: کیا نامحرم بے پردہ خواتین کو دیکھنا جائز ہے؟ کتنا دیکھنا جائز ہے؟

جواب: شہوت کی نگاہ سے یا فساد اور حرام میں پڑنے کا خوف ہو تو نہیں دیکھ سکتے۔ دیگر صورتوں میں ایسی عورت کو دیکھنا جائز ہے جو نہی عن المنکر کو نہیں سنتی اور جب

اس سے بے پردگی کے متعلق کہا جاتا ہے تو وہ اس سے نہیں بچتی۔

سوال ۱۴۴: اگر یہی عورتیں ٹی۔وی پر کام کرتے ہوئے نظر آئیں تو دیکھنا جائز ہے؟
جواب: شہوت اور فساد میں پڑنے کا خوف نہ ہو تو دیکھنا جائز ہے۔

سوال ۱۴۵: کیا لڑکی کے لئے کسی پروگرام یا تقریب میں نامحرم کے سامنے قرآن کی تلاوت یا قصیدہ اور نعت پڑھنا جائز ہے۔ مذہبی اور غیر مذہبی دونوں پروگرامز کے حوالے سے بتایئے؟
جواب: اگر لڑکی کی آواز اس طرح نہ نکلے جو شہوت ابھارنے کا سبب بنے تو جائز ہے۔

# میاں بیوی کے حقوق

سوال ۱۴۶: اگر شوہر اپنی بیوی کو اس کے رشتہ داروں کے گھر جانے سے روکے تو کیا اس مسئلے میں بھی بیوی پر شوہر کی اطاعت واجب ہے؟
جواب: جی ہاں، واجب ہے۔

سوال ۱۴۷: کیا بیوی کو دیا گیا تحفہ واپس لیا جا سکتا ہے؟
جواب: جب تک اصل تحفہ باقی ہو اسے لینا جائز ہے البتہ احتیاط مستحب یہ ہے کہ اسے واپس نہ لیا جائے۔

# طلاق

سوال ۱۴۸: اگر بیوی اپنے شوہر سے اتنی بیزار ہو جائے کہ پھر بالآخر اپنے شوہر کے حقوق ادا

کرنے پر قدرت نہ رکھ پائے اور پروردگار کی جانب سے معین کردہ حدود کا خیال نہ رکھ پائے اور اس بات پر بھی راضی ہو کہ اپنے شوہر کو کچھ مال وغیرہ بخش دے تا کہ وہ اسے طلاق دے کر آزاد کر دے لیکن شوہر اس پیشکش کو ٹھکرا رہا ہو اور عورت کو طلاق نہ دے رہا ہو تو کیا ایسی صورت میں حاکمِ شرعی کے پاس طلاق کا اختیار ہوتا ہے کہ وہ طلاق کا صیغہ جاری کر دے؟

جواب: جی نہیں، حاکمِ شرع کے لئے بھی طلاق دینا جائز نہیں۔

سوال ۱۴۹: طلاق کے بعد اگر شوہر کے پاس بیوی کی ایسی تصویر باقی ہو جس کے بارے میں معلوم ہو کہ وہ بیوی کے جسم کے حصوں کو ظاہر کر رہی ہے، تو اس بارے میں کیا حکم ہے نیز اس صورت میں زوجہ کی کیا ذمہ داری ہے؟

جواب: اس تصویر کی طرف شہوت سے نظر کرنا جائز نہیں بلکہ احتیاط کی بناء پر بغیر شہوت کے بھی نظر نہ کی جائے اور اس صورت میں بیوی پر کوئی ذمہ داری نہیں۔

سوال ۱۵۰: ایک شخص نے اپنے سسر سے زمین کا ایک پلاٹ مانگا اور رہائش کی غرض سے اس پر گھر بنوایا۔ اس وقت وہ اپنی بیوی کو طلاق دے چکا ہے۔ کیا سسر کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ یہ پلاٹ واپس مانگے؟

جواب: اگر اس نے وہ زمین ھبہ کی تھی تو تصرف کے بعد واپس نہیں مانگ سکتا اور اگر اس نے وہ زمین اپنی بیٹی کو ھبہ کی تھی تو وہ زمین اس کی بیٹی کی اور عمارت شوہر کی ہوگی۔

# متفرقات

سوال ۱۵۱: روایات میں قریبی رشتہ داروں کے ساتھ شادی سے روکا گیا ہے جب کہ سیرتِ ائمہ معصومین علیہم السلام یہ ہے کہ اپنے قریبی رشتہ داروں سے شادی کرتے رہے ہیں، اس مسئلے کو کیسے حل کیا جاسکتا ہے؟

جواب: روایات میں قریبی رشتہ داروں کے ساتھ شادی کرنے سے منع نہیں کیا گیا۔ ہاں، روایات میں یہ تذکرہ ہے کہ اس سے بچے کمزور پیدا ہو سکتے ہیں۔ اس میں بھی شرعی اور علمی اعتبار سے عمومیت نہیں پائی جاتی۔

سوال ۱۵۲: حرام mix gathering سے کیا مراد ہے؟

جواب: اس سے مراد عورتوں اور مردوں کا اس طرح جمع ہونا کہ جس میں حجاب کا خیال نہ رکھا جائے۔ اسی طرح ان کا ایسا میل ملاپ جس کا نتیجہ اخلاقی فساد کی صورت میں ظاہر ہو۔

سوال ۱۵۳: مرد کا مرد کے سامنے، عورت کا عورت کے سامنے اور میاں بیوی کا ایک دوسروں کے سامنے ایک ساتھ رقص کرنے کے بارے میں کیا حکم ہے؟

جواب: احتیاط واجب یہ ہے کہ ان میں سے کوئی بھی کام نہ کیا جائے۔ ہاں، اگر میاں اور بیوی اکیلے ہوں اور کوئی دوسرا سامنے نہ ہوتو ایک ساتھ رقص کر سکتے ہیں۔

سوال ۱۵۴: کیا کافر عورتوں سے ہاتھ ملانا جائز ہے، جب کہ یہ بھی معلوم ہے کہ اس سے منع کرنے کے منفی اثرات نکلیں گے؟

جواب: یہ جائز نہیں ہے۔ ہاں، اگر کسی کپڑے وغیرہ کے ساتھ مثلاً دستانے پہن کر ہو یا ہاتھ نہ ملانا ایسی مشکل میں پڑنے کا سبب ہو کہ جو عام طور پر نا قابل برداشت ہوتی ہے تو کوئی حرج نہیں ہے۔

سوال ۱۵۵: کیا اجنبی خاتون کے ساتھ مذاق کرنا جائز ہے؟

جواب: اگر اس سے فساد نہ ہو رہا ہو اور شہوت انگیز نہ ہو تو کوئی حرج نہیں۔

سوال ۱۵۶: کیا کوئی شرعی طریقہ ایسا ہے کہ جس کے ذریعے گود لئے ہوئے بچے کو مَحرم بنایا جا سکے جب کہ خاندان میں کوئی ایسا فرد نہیں ہے جس کا دودھ پلوا کر اس بچے کو رضاعی مَحرم بنایا جا سکے؟

جواب: ایسا کوئی طریقہ نہیں۔

سوال ۱۵۷: کیا عورت کے لئے جائز ہے کہ وہ مردوں کے کھیلوں کے بین الاقوامی یا قومی مقابلے کو direct یا ٹی وی پر دیکھے؟

جواب: عورتوں کے لئے نامحرم مرد کے جسم پر نظر کرنا اگر لذت وشہوت یا اس میں مبتلا ہونے کے خوف کا سبب بنے تو حرام ہے۔ اسی طرح احتیاطِ واجب کی بنا پر ضروری ہے کہ مرد کے جسم کے ان حصوں کے علاوہ جنہیں وہ عام طور پر نہیں چھپاتے جیسے سر، دونوں ہاتھ اور پیر، کسی اور حصے پر نگاہ نہ ڈالے چاہے شہوت میں پڑنے کا خوف نہ بھی ہو اور چاہے اسے ٹیلیویژن وغیرہ پر ہی دیکھا جا رہا ہو۔

# کاروبار

## خرید و فروخت

سوال ۱۵۸: جو شخص جانتا ہو کہ کوئی بھی ایسی چیز جو حلال اور حرام دونوں کاموں میں استعمال ہو سکتی ہے مثلاً ٹیلیویژن، اس کے گھر میں یقیناً حرام کام میں استعمال ہوگی۔ کیا اس کے لئے اس کا خریدنا جائز ہے؟

جواب: جائز نہیں ہے۔

سوال ۱۵۹: کیا ایسی غذائی اشیاء کو بیچنا جائز ہے کہ جن میں کسی حیوان یا سؤر کا تیل شامل ہو؟

جواب: اگر وہ تیل ایسے حیوان کی چربی سے بنا ہو کہ جسے شریعت کے مقررہ طریقے سے ذبح نہ کیا گیا ہو تو احتیاط کی بنا پر اسے بیچنا جائز نہیں ہے۔ ہاں، اس صورت میں جائز ہے جب اسے غیر مسلم کو دے کر اس کی قیمت کو بطور استنقاذ (مال نکلوانے) کے عنوان سے لیا جائے۔ البتہ سؤر کے تیل سے بنی ہوئی چیز غیر مسلموں کو بھی احتیاط واجب کی بنا پر نہیں بیچی جا سکتی مگر یہ کہ اس میں تیل کی مقدار اس قدر کم ہو کہ گویا گھل مل کر ختم ہو چکی ہو۔

سوال۱۶۰: کیا سؤر کا گوشت اسلامی شہروں میں کفار کو بیچنا جائز ہے؟

جواب: جائز نہیں ہے۔

سوال۱۶۱: کیا کسی چیز کے بیچنے والے پر واجب ہے کہ وہ اپنی چیز کو بیچتے وقت اس کے عیب کو بیان کرے؟

جواب: ایسا کرنا واجب نہیں۔

سوال۱۶۲: یہ معلوم ہے کہ جانور کی تصویر بنانا صحیح نہیں ہے۔ کیا ایک ایسے ملازم کو کام پر رکھنا جو دین کا پابند نہیں ہے، اس کے ساتھ یہ طے کرنا جائز ہے کہ جاندار اور غیر جاندار کی فقط تصویریں بنائے اور مختلف مقامات پر بیچے؟

جواب: جائز نہیں ہے۔

سوال۱۶۳: میری ایک دکان ہے جس میں کھانے پینے کی اور دیگر اشیاء فروخت ہوتی ہے۔ بعض اوقات گاہک شراب وغیرہ مانگتے ہیں جو میری دکان میں نہیں ہوتی۔ ملازمین بھی دینی دستور کی بالکل پروانہیں کرتے نہ احکام دین کے پابند ہیں۔ کیا میرے لئے ان ملازمین سے کہنا جائز ہے کہ فلاں گاہک کے لئے برابر کی دکان سے شراب وغیرہ لے آؤ اور اسے دے دو جب کہ یہ کام بھی ملازموں کی ڈیوٹی میں شامل ہے؟

جواب: جائز نہیں ہے۔

# بینک/سود

سوال۱۶۴: اگر کسی شخص نے بغیر کسی شرط کے اپنے مال کی کچھ مقدار کسی کو تجارت کے لئے دی۔ وہ تجارت کرنے والا ہر مہینے اس شخص کو کچھ رقم دیتا ہے تو کیا یہ جائز ہے؟

جواب: کوئی حرج نہیں۔

سوال۱۶۵: کچھ private اور .semi govt بینک قرضہ فراہم کرنے کے بعد service charges کے عنوان سے منافع وصول کرتے ہیں تا کہ وہ منافع سود نہ بن جائے۔ البتہ اس منافع کی کوئی مخصوص اور fixed مقدار نہیں ہوتی بلکہ قرضہ لوٹانے کی تاریخ کے اعتبار سے منافع کی مقدار بھی بدلتی رہتی ہے۔ کیا اس کیفیت سے منافع حاصل کرنے پر یہ کہا جاسکتا ہے کہ اب یہ سودی معاملہ نہیں رہا؟

جواب: یہ معاملہ سودی اور حرام ہے۔

سوال۱۶۶: ہمارے یہاں پاکستان میں بینکوں میں fix deposit schemes میں پیسہ رکھوانے پر مخصوص شرائط کے تحت profit دیا جاتا ہے۔ یہ profit کی شرح پیسہ رکھوانے کی مدت کے اعتبار سے مختلف ہوتی ہے۔ کیا اس کا لینا جائز ہے؟

جواب: اگر agreement کے ضمن میں فائدے کی شرط نہ رکھی گئی ہو تو آپ کو اجازت ہے کہ آپ اس profit میں سے آدھا خود استعمال کریں اور باقی آدھا کسی دین دار فقیر کو بطور صدقہ دے دیں۔

سوال ۱۶۷: آیت اللہ خوئی اور آیت اللہ خمینی کے مقلدین کے لئے بینکوں کے shares خریدنا، ان کا لین دین کرنا اور ان سے منافع حاصل کرنے کا کیا حکم ہے؟

جواب: سودی معاملات انجام دینے والے کسی بھی بینک کے shares خریدنا اور ان سے منافع حاصل کرنا جائز نہیں ہے اور اس میں مجتہدین کا مسئلہ ایک ہی ہے۔

سوال ۱۶۸: کسی کو سودی قرضہ دلوانے کے لئے واسطہ بننے کے بارے میں کیا حکم ہے؟

جواب: جائز نہیں۔ ہاں، اگر قرضہ لینے والا شخص مجبور ہو چکا ہو تو پھر واسطہ بنا جا سکتا ہے۔

# نابالغ بچے کا مال

سوال ۱۶۹: بچوں کی ضرورت کی وہ چیزیں جس کی بچے کو اب ضرورت نہیں رہی کیا اسے اس کے چھوٹے بھائی کو دیا جاسکتا ہے جب کہ باپ نے ان میں سے کچھ چیزوں کو اپنی تنخواہ سے خرید کر بچے کی ملکیت بنا دیا ہو؟

جواب: باپ کے لئے جائز ہے کہ وہ اسے اس کے چھوٹے بھائی کے لئے خرید لے چاہے اس چھوٹے بھائی کے مال سے ہی خریدے۔

سوال ۱۷۰: کیا ماں کے لئے یہ جائز ہے کہ وہ اپنے نابالغ بچے کے حصے میں سے کچھ مقدار ضمانت شدہ قرض کے طور پر لے لے تاکہ اس میں اپنا حصہ ملا کر کوئی پراپرٹی خرید سکے اور اپنے بچے کا قرض بعد میں لوٹا دے، جب کہ یہ کام وہ اس بچے پر معین شدہ ولی یعنی بچے کے بڑے بھائی کی اجازت سے کر رہی ہے؟

جواب: جائز نہیں ہے۔

# وقف

سوال ۱۷۱: مساجد وغیرہ میں وقف شدہ یا کسی کے ذاتی قرآن مجید یا دعاؤں کی کتاب میں اگر انسان کو کوئی یقینی غلطی نظر آئے تو کیا اس کو صحیح کر دینا واجب ہے یا جائز ہے؟

جواب: واجب نہیں، بلکہ اگر متولّی یا مالک کی اجازت نہ ہو تو جائز بھی نہیں ہے۔

سوال ۱۷۲: بعض مقامات یا علاقوں میں وقف شدہ کتابوں کے بارے میں احتمال ہوتا ہے کہ یہ کتابیں ضائع ہو جائیں گی یا کام میں نہیں آ رہی ہیں تو کیا ورثاء کے لئے جائز ہے کہ اسے کسی اور مقام پر یا کسی مدرسے کی لائبریری وغیرہ میں منتقل کر دیں تاکہ کام میں بھی آ سکیں اور ان کی حفاظت بھی ہو سکے؟

جواب: جائز نہیں ہے سوائے یہ کہ یہ احتمال اتنا مضبوط ہو جائے کہ انسان کو ڈر ہو کہ کتابیں ضائع ہو ہی جائیں گی۔

سوال ۱۷۳: ایک مخیّر شخص چاہتا ہے کہ امام بارگاہ میں لگے پرانے فانوس کو تبدیل کر کے اس سے بہتر لگا دے لیکن اسے یہ نہیں معلوم کہ یہ فانوس وقف ہیں یا نہیں اب کیا اس مقصد کی خاطر اس کو فروخت یا تبدیل کیا جا سکتا ہے؟

جواب: سوال میں موجود فرض کی بنا پر ایسا کرنا جائز نہیں۔

# دیت کے احکام

سوال ۱۷۴: اگر کسی کھلاڑی کی غلطی سے دوسرے کھلاڑی کو چوٹ آجائے تو کیا دیت لازم ہوگی؟

جواب: جب وہ چوٹ ایسی ہو جو ہڈی ٹوٹنے یا زخم لگنے کا سبب بنے اور وہ زخمی مسلمان یا کافر ذمّی ہو تو دیت لازم ہو جائے گی اور بسا اوقات دیت عاقلہ (یعنی مخصوص رشتہ داروں) پر واجب ہوتی ہے۔

سوال ۱۷۵: اگر ایک کھلاڑی غلطی سے کسی دوسرے کھلاڑی کو کھیل کے قوانین کا خیال رکھنے کے باوجود زخمی کردے تو کیا اس صورت میں اس پر دیت ثابت ہوگی؟

جواب: جی ہاں، دیت ثابت ہوگی سوائے یہ کہ زخمی ہونے والا خود اپنی غلطی کی وجہ سے زخمی ہوا ہو۔

سوال ۱۷۶: کیا استاد کے لئے تربیت کی غرض سے شاگردوں کو مارنا جائز ہے؟

جواب: اگر مار اور طاقت استعمال کرنے سے ہی بچہ ادب سیکھے تو جائز ہے لیکن احتیاط یہ ہے کہ تین کوڑوں سے زیادہ نہ مارا جائے اور مارنے میں اتنی نرمی برتی جائے کہ اس سے بدن سرخ یا سیاہ نہ ہو جائے۔ لیکن بالغ طلاب کے سلسلے میں اس کا جائز ہونا مشکل ہے اور بنا بر احتیاط ایسا نہ کیا جائے۔

# متفرق فقہی احکام

سوال ۱۷۷: جاہل قاصر اور مقصّر کے درمیان کیا فرق ہے؟

جواب: جب کوئی حکمِ شرعی کو سیکھنے میں کوتاہی کرے تو وہ مقصّر ہوگا ورنہ قاصر کہلائے گا جیسے کوئی اپنے مرجع کے رسالہء عملیہ سے حکم شرعی کو سیکھے لیکن سمجھنے میں غلطی کرجائے یا اسے کوئی قابل بھروسہ شخص خبر دے لیکن پھر معلوم ہو کہ اس نے خبر دینے میں خطا کی ہے تو ایسے شخص کو قاصر کہا جائے گا۔

سوال ۱۷۸: بالغ اور رشید ہونے کی عمروں میں کیا فرق ہے؟

جواب: بالغ ہونے کی عمر کا تعلق شرعی تکالیف کے عائد ہونے کے اعتبار سے ہے جب کہ رشید ہونے کی عمر اس شخص کے مستقل طور پر مالی تصرفات کرنے کی صلاحیت سے ہے۔

سوال ۱۷۹: اگر میں صدقہ جاریہ اس طرح کرنا چاہوں کہ ایک کتاب کسی مومن کو ہدیہ کروں اور وہ اسے جب تک میں زندہ رہوں مجھ پر اور تمام مومنین پر وقف کردے تو کیا اس طرح ہوسکتا ہے؟

جواب: اس صورت میں اس مومن کی جانب سے صدقہ جاریہ ہوگا اور آپ کو فقط ہدیہ کا ثواب ملے گا۔

سوال ۱۸۰: کعبہ کے پردے سے تبرک کے طور پر کچھ حصہ کاٹ لینے کے بارے میں کیا حکم ہے؟

جواب: ایسا کرنا جائز نہیں ہے اور ایسے شخص کی ذمہ داری ہے کہ وہ وہاں کے ذمہ دار افراد کو اسے واپس پلٹائے۔

سوال ۱۸۱: کیا جائز ہے کہ کوئی غیر سید واجب زکوٰۃ اور فطرے کے علاوہ مثلاً صدقات، کسی ہاشمی سید کو دے؟

جواب: جائز ہے۔ لیکن احتیاط واجب ہے کہ وہ چھوٹے صدقات جو انسان اپنی مصیبتوں کو دور کرنے کے لئے نکالا کرتا ہے اسے ہاشمی سید کو نہ دے۔

سوال ۱۸۲: ایک شخص نے کوئی ضرورت کی چیز کسی سے ادھار لی اور وہ استعمال کرتے ہوئے ٹوٹ گئی تو کیا ادھار لینے والا اس چیز کا ضامن ہوگا اور کیا جس نے ادھار کے طور پر اسے دیا تھا وہ اس کی قیمت کا مطالبہ کرسکتا ہے؟

جواب: اگر ادھار لینے والے نے اس چیز کی حفاظت میں کوتاہی نہ کی ہو اور نہ اس کے استعمال میں زیادہ روی کی ہو یعنی حد سے نہ بڑھ گیا ہو تو اس صورت میں وہ ضامن نہیں ہوگا۔ البتہ اگر مالک نے پہلے سے ہی شرط لگادی ہو تب تو ادھار لینے والا ہر صورت میں ضامن ہوگا۔

سوال ۱۸۳: کیا رات میں کھڑے ہوکر پانی پینا مکروہ ہے؟

جواب: اس کا مکروہ ہونا ثابت نہیں۔

سوال ۱۸۴: بعض اوقات کچھ بالغ یا نابالغ students اپنے اسکول کے استاد کو تحفہ دینے کا اہتمام کرتے ہیں۔ کیا استاد کے لئے ایسا کوئی تحفہ وصول کرنا جائز ہے جب اسکول کے قانون کی خلاف ورزی بھی ہو رہی ہو؟

جواب: بالغ طالب علم سے بلکہ اگر ولی کی رضایت کا علم ہو تو نابالغ طالب علم سے بھی تحفہ وصول کیا جا سکتا ہے۔ ہاں، اگر اسکول کے قانون کی مخالفت ہو رہی ہو تو جائز نہیں۔ البتہ اگر اس کے باوجود تحفہ وصول کر لے تو وہ تحفہ اس کی ملکیت میں آ جائے گا۔

سوال ۱۸۵: کیا مومن کے لئے ٹائی پہننا جب کہ وہ اس پر ایمان نہ رکھتا ہو، جائز ہے؟

جواب: ٹائی پہننا بذاتِ خود حرام نہیں ہے۔

سوال ۱۸۶: کسی کی شرم گاہ پر نظر ڈالنا حرام ہے تو پھر ماں یا دوسرے افراد بھی چھوٹے بچوں کا لباس تبدیل کرواتے وقت اس کی شرمگاہ پر نظر ڈالتے ہیں، اس کا کیا حکم ہے؟

جواب: غیر ممیّز بچے کی شرم گاہ پر نظر ڈالنا حرام نہیں ہے۔

سوال ۱۸۷: برائے مہربانی اس بات کی وضاحت فرما دیجئے کہ اسلامی ممالک میں نافذ عمومی انتظامی قوانین کی کس حد تک مخالفت کی جا سکتی ہے؟ مثال کے طور پر ٹریفک کے قوانین کے بارے میں کیا حکم ہے؟ کیا اس کا خیال صرف نقصان کی صورت میں ضروری ہے یا اگر نقصان نہ بھی ہو رہا ہو تب بھی عمومی طور پر

معاشرے کے انتظام کے لئے جو قوانین بنائے گئے ہیں ان سب کا خیال رکھنا ضروری ہے؟

جواب: حضرت آیۃ اللہ سیستانی مدظلہ العالی معاشرے کی فلاح کے لئے بنائے جانے والے کسی بھی قانون کی مخالفت کو جائز قرار نہیں دیتے۔

سوال ۱۸۸: ایک شخص ذہنی طور پر اتنا معذور ہے کہ کافی بڑا ہو جانے کے باوجود اب بھی اس کا ذہن بارہ سالہ بچے جیسا ہے۔ کیا اس پر بالغ افراد والی ذمہ داریاں اسی طرح آئیں گی جس طرح عام افراد پر ہوتی ہیں؟

جواب: اگر وہ پاگل نہیں ہے اور بالغ ہو چکا ہے تو ساری ذمہ داریاں اسی طرح سے ہوں گی جس طرح کسی بالغ شخص پر ہوتی ہیں۔

سوال ۱۸۹: یہ بات دیکھنے میں آئی ہے کہ بعض قاری حضرات معصومین علیہم السلام سے واردشدہ دعاؤں کے جملوں میں چند الفاظ کا اضافہ کر دیتے ہیں مثلاً اللھم کن لولیک الحجۃ ابن الحسن صلوتک علیہ و علی آبائہ الطیبین الطاھرین کہتے ہیں جب کہ الطیبین الطاھرین کا اضافہ دعا میں وارد نہیں ہوا اور اسی طرح واحد کے صیغوں کو جمع بنا دیتے ہیں جیسے (وارزقنی حجّ بیتک الحرام) کو (وارزقنا حجّ بیتک الحرام) کہنا۔ اس کے بارے میں کیا حکم ہے؟

جواب: رجاءً ایسا کرنے میں کوئی حرج نہیں۔

سوال ۱۹۰: کیا مسجد میں کھانا کھانا یا سونا جائز ہے؟

جواب: اس کام میں بذات خود تو کوئی حرج نہیں، البتہ بعض روایات میں مسجد میں

سونے اور دنیاوی امور سے متعلق گفتگو سے روکا گیا ہے۔

سوال۱۹۱: ایک مکلّف جانتا ہے کہ بالغ ہونے کے ابتدائی زمانے میں اس نے کچھ فرائضِ شرعیہ کو انجام نہیں دیا تھا مگر اس کی تعداد کے بارے میں لاعلم ہے تو اس صورت میں اس کیا ذمہ داری ہوگی؟

جواب: اس صورت میں جس قدر تعداد کے بارے میں یقین ہو اس کی قضا کرے گا اور جس کے بارے میں شک ہو اس کی قضا اس پر واجب نہیں۔ اور روزوں کی قضا کے ساتھ ایک اور چیز کا اضافہ کیا جائے گا کہ جب اس نے یہ جانتے ہوئے کہ اس پر روزے واجب ہیں اور اس نے پھر بھی روزوں کو انجام نہیں دیا تو اس پر کفارہ بھی واجب ہوگا اور قضا میں ایک سال سے زیادہ تاخیر ہونے کی صورت میں فدیہ بھی دینا ہوگا۔

سوال۱۹۲: اگر کوئی اپنے بلوغت کے ابتدائی زمانے میں واجبات کے انجام دیئے جانے کے بارے میں تردّد اور پس و پیش میں مبتلا ہو یا انجام دئے گئے اعمال کے صحیح ہونے میں تردّد کا شکار ہو تو کیا اس صورت میں ان کی قضا واجب ہوگی؟

جواب: ان کی قضا واجب نہیں ہے۔

سوال۱۹۳: آیا بے نمازی کے ساتھ اس امید پر دوستی کرنا جائز ہے کہ کبھی اس کی ہدایت کی جا سکے گی؟

جواب: اگر اپنے بارے میں باطل کی جانب منحرف نہ ہونے کا یقین ہو تو کوئی حرج نہیں بلکہ بعض اوقات ایسا کرنا بہتر ہوتا ہے۔

سوال۱۹۴: جب بیٹا بلوغت کی عمر کو پہنچے تو کیا اس وقت بھی باپ کی سرپرستی بیٹے پر باقی رہے گی؟

جواب: نہیں، اس صورت میں بیٹا اپنے امور کا خود ذمہ دار ہوگا۔

سوال۱۹۵: کیا شطرنج اور دوسرے جوا کھیلنے کے آلات سے بغیر پیسے لگائے کھیلنا جائز ہے؟

جواب: شطرنج کھیلنا حرام ہے چاہے بغیر پیسے لگائے ہی کیوں نہ کھیلا جائے کیونکہ یہ جوا ہے اور اسی طرح احتیاط واجب کی بنا پر جوے کے دیگر آلات سے بغیر پیسہ لگائے بھی کھیلنا جائز نہیں ہے اور پیسہ لگا کر کھیلنا تو قطعی حرام ہے۔

سوال۱۹۶: کیا ماں باپ، بھائی بہن اور مومنین کے بچوں کے ہونٹوں پر بوسہ دینا جائز ہے؟

جواب: اگر یہ عمل شہوت کے ابھرنے کا سبب نہ ہو تو حرام نہیں لیکن بہتر یہ ہے کہ بچوں کے علاوہ اور لوگوں میں اسے ترک کیا جائے۔

سوال۱۹۷: کیا ایسے دوستوں اور رشتہ داروں کے گھروں میں جانا جائز ہے جہاں گانے بجائے جاتے ہیں؟

جواب: اگر ان کے ہاں جانا باطل کی تائید نہ کہلائے تو جانے میں کوئی حرج نہیں۔ اور اگر تاثیر کا احتمال ہو تو منکر سے روکنا واجب ہے۔ ہاں، اگر جانتا ہو کہ اثر ہونا مشکل ہے تو احتیاط واجب یہ ہے کہ کم از کم اس کام سے نفرت و کراہت ضرور ظاہر کرے۔

سوال۱۹۸: کیا قرآن مجید کی یاد کی ہوئی آیات کو بھول جانا حرام ہے؟ اور کیا انہیں دوبارہ

یاد کرنا واجب ہے؟

جواب: بھول جانا حرام نہیں اور انہیں دوبارہ یاد کرنا بھی واجب نہیں ہے۔

سوال۱۹۹: کیا حرام چیز کے بارے میں سوچنا جب کہ وہ شہوت کا سبب بنے حرام ہے؟

جواب: اگر منی نکلنے کا سبب نہ بنے تو احتیاط مستحب ہے کہ اسے ترک کر دیا جائے۔

سوال۲۰۰: استمناء کا کفارہ کیا ہے؟

جواب: توبہ کرنا۔

سوال۲۰۱: کیا ٹیپ کی ہوئی آواز اور تصویر دعوی ثابت کرنے کے لئے دلیل بن سکتی ہے؟

جواب: یہ دلیل نہیں بن سکتی۔

سوال۲۰۲: اگر کسی نے وصیت کی ہو کہ اس کی آنکھ کسی نابینا کو دے دی جائے تو کیا اس کی وصیت پر عمل کرنا ضروری ہوگا؟

جواب: یہ جائز نہیں ہے کہ مسلمان کی میت سے اس کے کسی عضو کو کاٹ کر کسی اور کے جسم میں لگایا جائے چاہے زندہ شخص کے اس حصے کی زندگی اسی پر موقوف ہو۔ میت سے اس عضو کو کاٹنے والے پر ضروری ہوگا کہ اس کی دیت ادا کرے۔ ہاں، اگر میت نے اس بات کی وصیت کی ہو تو پھر اس وصیت پر عمل کرنے اور اس عضو کو کاٹنے میں اشکال ہے، اور دیت واجب نہیں ہوگی۔

سوال۲۰۳: اگر کوئی شخص پہاڑی کے دامن کی زمین کو ہموار کرے اور اس پر رہائشی پلاٹ کی علامتیں لگا دے، کیا وہ اس جگہ کا مالک بن جاتا ہے؟

جواب: جی نہیں، وہ مالک نہیں بنے گا۔

سوال۲۰۴: شہر میں مومنین کا ایک قبرستان موجود ہے۔کبھی کبھار جب کسی میت کو وہاں دفن کرنے کے لئے قبر کھودی جاتی ہے تو اس میں سے ہڈیاں نکلتی ہیں اور پتہ چلتا ہے کہ وہ کوئی پرانی قبر ہے۔کیا ایسی جگہ پر میت کو دفن کرنا جائز ہے؟

جواب: چھوٹی ہڈیاں نہ نکلیں تو اس میں دفن کرنا جائز ہے۔

سوال۲۰۵: آیا پھل کھا کر آدھا چھوڑ دینا، جب کہ ہمارے ہاں زراعت زیادہ ہے اور قیمت بھی زیادہ نہیں ہے، اسراف شمار ہوگا؟

جواب: کھانا اسراف شمار نہیں ہوگا۔ہاں، آدھا چھوڑ دینا اسراف شمار ہوگا۔

# اخلاقیات

## حقوقِ مومن

سوال ۲۰۶: کیا کسی مومن کے ایسے ظاہری عیب کو جو اس میں موجود بھی ہو بیان کیا جا سکتا ہے جب کہ وہ مومن اس پر راضی نہ ہو؟

جواب: اگر اس سے اس مومن کی اہانت اور عیب جوئی ہوتی ہو تو جائز نہیں۔

سوال ۲۰۷: اگر میں کسی مومن میں موجود ایسے عیب کا ذکر کسی کے سامنے کروں جو اسے پہلے سے جانتا ہے تو کیا اسے غیبت کہا جائے گا؟

جواب: یہ غیبت تو نہیں ہے لیکن مومن کی بے عزتی اور توہین کرنا حرام ہے۔

سوال ۲۰۸: مومن کے لئے بدعا کرنا حرام ہے، کیا اس کے حد سے بڑھ جانے اور ظلم کرنے کے باوجود یہ حرام ہے؟

جواب: اس صورت میں اس کے لئے ایسی بدعا کرنا جائز ہے کہ خداوند متعال اس کو اس کے ظلم اور حد سے بڑھنے کی وہی سزا دے جس کا وہ مستحق ہے۔

سوال ۲۰۹: کیا بچے اور پاگل کی غیبت کرنا جائز ہے؟

جواب: جائز نہیں ہے۔ہاں، اگر وہ ممیز نہ ہو اور اس سے متاثر نہ ہو رہا ہو تو کوئی حرج نہیں۔

سوال ۲۱۰: ایک شخص مقرر ہے اور مجلسیں پڑھتا ہے تو اس کے لئے کیا چیز بہترین ہے جو اسے عوام کے درمیان پڑھنا چاہیے مثلاً عقائد، فقہ یا کوئی اور چیز؟

جواب: ایسی نصیحت جس میں اللہ کی رضا اور مسائل فقہ ہو اور وہ چیزیں جو قرآن حکیم اور اہل بیت علیہم السلام کی روایات کے مزاج کے مطابق ہو۔

سوال ۲۱۱: ایک شخص کچھ راز کی باتیں دوسرے شخص کو بتاتا ہے تو کیا دوسرے شخص کے لئے یہ صحیح ہے کہ یہ باتیں وہ کسی تیسرے شخص کو بتادے؟

جواب: اگر پہلے شخص نے اس پر دوسرے سے عہد لیا ہو تو احتیاطِ واجب ہے کہ عہد کی مخالفت نہ کرے۔

# سلام اور جوابِ سلام

سوال ۲۱۲: جب کسی شخص کو کہا جائے کہ "فلاں شخص نے آپ کو سلام بھجوایا ہے" تو کیا اس کا جواب دینا واجب ہے؟

جواب: واجب نہیں ہے اگرچہ اس کا جواب دینا اچھا ہے چاہے کسی بھی طرح سے دیا جائے۔

سوال ۲۱۳: بعض اوقات کوئی شخص مجھ پر میرے والد کو سلام پہنچانے کی ذمہ داری لگا دیتا ہے تو کیا مجھ پر سلام پہنچانا واجب ہے؟ اور کیا میرے والد پر اس کا جواب دینا

لازم ہے؟

جواب: سلام کو پہنچانا ایک اچھا عمل ہے اسی طرح اس کا جواب دینا بھی ایک اچھا عمل ہے اگرچہ واجب نہیں۔

سوال۲۱۴: اگر آنے والا شخص سلام کرے لیکن یہ علم نہ ہو کہ اس نے مجھے مخاطب کیا ہے یا نہیں تو کیا مجھ پر جواب دینا واجب ہوگا؟

جواب: اس صورت میں سلام کا جواب دینا واجب نہیں۔

سوال۲۱۵: کیا سلام کا جواب سلام کے الفاظ سے کمتر الفاظ میں دیا جاسکتا ہے جیسے اگر کسی کے "سلام علیکم" کہنے پر صرف لفظ "سلام" کہے؟

جواب: اس طرح کہنا جائز ہے۔

# موسیقی

سوال۲۱۶: غناء کی کیا تعریف ہے؟

جواب: یہ وہ باطل کلام ہے جو صاحبانِ لہو و فجور کی طرز سے ادا کیا جائے۔ احتیاط واجب یہ ہے کہ ایسی طرز سے ادا کئے جانے والے ہر کلام سے پرہیز کیا جائے چاہے وہ باطل کلام نہ بھی ہو۔ ہاں، اگر کسی مورد کے بارے میں شک ہو کہ یہ غناء ہے یا نہیں تو اس آواز کو سننا جائز ہے اگرچہ اس مورد میں بھی احتیاط کرنا بہتر ہے۔

سوال۲۱۷: ڈراموں کے دوران چلنے والے background music کے بارے میں کیا حکم ہے؟ اور کیا ایسے گانے اور music سننا جائز ہے جو music

show اور concert سے تعلق نہ رکھتے ہوں؟

جواب: انہیں سننا جائز ہے۔

سوال ۲۱۸: کیا ستار بجانے والے کو سننا جائز ہے؟

جواب: اگر اس سے لہو ولعب کی کیفیت واقع ہو تو جائز نہیں ہے۔

سوال ۲۱۹: موسیقی سیکھنے، اس کی practice کرنے اور اسے سننے کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟

جواب: ایسی موسیقی سیکھنا، سننا یا اس کی practice کرنا حرام ہے جو لہو ولعب کے اجتماعات سے مناسبت رکھتی ہو۔ اس کے علاوہ حرام نہیں ہے۔

# متفرقات

سوال ۲۲۰: تقویٰ سے کیا مراد ہے؟

جواب: گناہوں سے پرہیز کرنا تقویٰ ہے۔

سوال ۲۲۱: فاسق و فاجر سے کیا مراد ہے؟ کیا ایسے شخص سے دوستی کرنا جائز ہے اور کیا اس کی غیبت کرنا جائز ہے؟

جواب: اس سے مراد وہ شخص ہے جو گناہوں کو انجام دیتا ہو۔ دوستی کرنے سے اگر اسے گناہ کے ارتکاب میں ترغیب ملتی ہو تو اس سے دوستی جائز نہیں ہے ورنہ جائز ہے اور اس کی غیبت کرنا جائز نہیں سوائے وہ گناہ جنہیں وہ کھلم کھلا انجام دیتا ہو۔

سوال۲۲۲: باہر کی فلمیں دیکھنے کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟

جواب: اگر وہ فلمیں غیر اخلاقی اور حیاسوز مواد پر مشتمل ہوں تو احتیاط واجب کی بناء پر انہیں دیکھنا جائز نہیں ہے۔ اس کے علاوہ عام فلموں کو اگر دیکھنے والا شہوت کی نظر سے نہ دیکھ رہا ہو اور اسے حرام میں پڑنے کا خوف بھی نہ ہو تو انہیں دیکھنے میں کوئی حرج نہیں۔

سوال۲۲۳: کیا گناہ کے بارے میں اعتراف کرنا بھی گناہ ہے؟

جواب: دوسروں کے سامنے گناہ کا اقرار کرنا جائز نہیں ہے۔

سوال۲۲۴: آیا ذاکرین کے لئے بہت زیادہ رقم لینا جائز ہے؟

جواب: جائز ہے، اگر چہ لوگوں کے بدظن ہونے کی صورت میں مناسب نہیں ہے۔

سوال۲۲۵: ماہ رجب کی دعا کا آخری حصہ داڑھی پکڑ کر پڑھا جاتا ہے۔ سوال یہ ہے کہ عورت یا نابالغ بچہ بلکہ فعل حرام کرتے ہوئے داڑھی مونڈھنے والا شخص کس طرح دعا پڑھے۔ کیا یہ افراد ٹھوڑی پکڑ کر دعا کا مذکورہ حصہ پڑھ سکتے ہیں؟

جواب: رجاءً اپنی ٹھوڑی پکڑے۔

# عقائد

سوال۲۲۶: دوستوں کی ایک محفل میں گفتگو کے دوران اعمال کو اخلاص اور دیانت سے انجام دینے کے بارے میں گفتگو ہو رہی تھی، ان میں سے ایک کہنے لگا کہ "اگر خدا میرے عمل کو دیکھے اور پھر ضائع کر دے تو ایسا خدا، خدا نہیں ہے" خدا کی پناہ ہو ایسے کلام سے۔ لیکن یہ شخص اس کلام کے برعکس اعتقاد رکھتا ہے اور ہر عمل کو پورے خلوص اور دیانت سے انجام دیتا ہے ایسے شخص کے بارے آپ کی کیا رائے ہے اور ساتھ ہی اس کلام کے بارے میں آپ کیا کہتے ہیں؟

جواب: اس شخص پر کچھ نہیں۔

سوال۲۲۷: دعاؤں میں پروردگار کے لئے ضمیر غائب کا استعمال کرنا کیسے صحیح ہے جب کہ وہ ہر جگہ حاضر و موجود ہے؟

جواب: اس مورد میں غائب کی ضمیر پروردگار کے حاضر نہ ہونے کے اعتبار سے نہیں بلکہ خدا کی عظمت اور اعلیٰ شان کے اعتبار سے استعمال ہوا کرتی ہے۔

سوال۲۲۸: امام مہدی علیہ السلام کے ظہور کا کیا وقت ہے؟ اور اگر اس سلسلے میں کوئی دعویٰ کرے کہ وہ ظہور کا وقت جانتا ہے تو آپ اس بارے میں کیا فرماتے ہیں؟ برائے مہربانی یہ بھی بتلایئے کہ ظہور سے پہلے اور اس کے بعد ہماری کیا

ذمہ داری ہے؟

جواب: کوئی شخص بھی ظہور کے وقت کے بارے میں نہیں جانتا اور اس بارے میں دعویٰ کرنے والا ہر شخص جھوٹا ہے۔ ہاں، ہم سب امامؑ (خدا ان کے ظہور میں تعجیل کرے) کے ظہور کے منتظر ہیں۔ اس وقت ہم سب کی ذمہ داری یہ ہے کہ فقہاء کی طرف سے بیان کردہ احکامِ شریعت پر عمل کریں ظہور کے بعد ہماری ذمہ داری کا تعین خود حضرت حجت عج فرمائیں گے۔

سوال۲۲۹: کیا امام زمانہؑ کا اصلی نام لینا یا لکھنا جو کہ رسولؐ کے نام کا ہم نام ہے، مکروہ یا حرام ہے؟

جواب: حرام نہیں ہے۔ لیکن احتیاطِ مستحب ہے کہ اسے ترک کیا جائے۔

سوال۲۳۰: امام زمانہؑ کے القاب خصوصاً "قائم" کا لقب استعمال کرتے وقت کیا ہاتھ سر پر رکھنا واجب یا مستحب ہے؟

جواب: واجب نہیں ہے۔

پروردگارا!

ہم سب کو مسائل دین سیکھ کر ان پر عمل پیرا ہونے اور اسے

دوسروں تک صحیح طرح پہنچانے کی توفیق عطا فرما۔

آمین


کتاب حاصل کرنے کیلئے قرآن و عترت اکیڈمی سے رابطہ کیجئے

# مجتہد سے پوچھے گئے سوالات

## روزہ

شعبۂ مطبوعات
قرآن و عترت اکیڈمی
کراچی - پاکستان
E-mail : info@qoitrat.org
Website : www.qoitrat.org

کتاب حاصل کرنے کیلئے قرآن و عترت اکیڈمی سے رابطہ کیجئے



# ذاکرہ کلاس

دینی خدمت کے جذبہ سے سرشار ایسی طالبات
جوذاکری سیکھنے میں دلچسپی رکھتی ہوں اور
میٹرک کا امتحان دے چکی ہوں

## قرآن و عترت اکیڈمی

کی شعبۂ خواتین کی ذاکرہ کلاس میں داخلہ حاصل کرسکتی ہیں۔

پتہ : سادات کالونی، ڈرگ روڈ، کراچی۔

فون : 4583266

---

مزید معلومات کیلئے

فون : 722 6948 & 723 7207

ای میل : info@qoitrat.org

If you want to become a scholar
then join

# QURAN-O-ITRAT ACADEMY

*You can learn courses of*
*Hawz-e-Ilmiya Najaf and Qum*
*as well as you can continue your*
*College / University Education*

## ELIGIBILITY

1. Matriculation.
2. Should have noble cause to serve humanity through Islamic Principles.

For More Information
Phone : **722 6948 & 723 7207**
E-mail : **info@qoitrat.org**

ہماری آئندہ پیشکش

# مجتھد سے پوچھے گئے سوالات

# حصہ پنجم

عبادات، معاملات، معاشرتی مسائل، اخلاقیات اور عقائد وغیرہ سے متعلق دنیا بھر کے مومنین کی جانب سے پوچھے گئے سوالات پر مبنی کتابچہ

## ہماری مطبوعات

- ☆ مجتہد سے پوچھے گئے سوالات (حصہ اوّل)
- ☆ مجتہد سے پوچھے گئے سوالات (حصہ دوم)
- ☆ مجتہد سے پوچھے گئے سوالات (حصہ سوم)
- ☆ مجتہد سے پوچھے گئے سوالات (حصہ چہارم)
- ☆ مجتہد سے پوچھے گئے سوالات (روزہ)
- ☆ وصیّت نامہ

شعبۂ مطبوعات

قرآن و عترت اکیڈمی

کراچی - پاکستان

E-mail : info@qoitrat.org

Website : www.qoitrat.org